هغوی ته دا پته نه لګی چه هلته عوامو ته څه مشکلات دی؟ زما په یو سکیم باندے هغوی اعتراض کړے دے چه Rehabilitationیا Improvementد Water supply schemeته نه شی کولے۔ جناب والا، یو سکیم شوے دے شل کاله مخکښ، د هغے Rehabilitationزه نه شم کولے۔هغه نیمه انچئ پائپ وو، اوس ئے زه انچئ کولے نه شم ځکه چه هلته آبادی سیوا شوے ده۔هغوی ته دا پته نه لګی چه دا Rehabilitationڅه شے دے او دا Improvementڅه شے دے؟ کم از کم دومره خو ورته اندازه لګیدل پکار دی چه د یو سکیم چه کوم شل کاله مخکښ شوے دے، د هغے Rehabilitation یا د هغے Improvementضروری دے او دا کول غواړی نو هغه ئے ډراپ کړی دی۔ صاحبه، مونږ له دغسے ددے نه Contingencyکټ کیږی،هغه دلته کټ کیږیContingency ۔ زه په دے حساب باندے پوهه نه یمه چه Contingencyخو هغه ځائے کښ کټ کیدل پکار وو چه کوم ځائے کښ دا کار کیږی ځکه چه د هغوی پکښ خا مخا څه Expenditure involveوی۔ اورسیئر به ځی، سب انجینئر به ځی یا انجینئر به ځی بیا به ئے استیمیټونه جوړیږی، هغه دوپرسنټ یا ایک پرسنټ Contingencyترے کټ شی نو هغه ترے دلته پاتے شی او هغه پاتے پیسے مونږ ته هلته راوړے شی۔دا یو زیاتے دے۔ یو د Change of schemeخبره ده، Change of scheme دا خو لازمی خبره ده چه زمونږه خو د پښتنو معاشره ده، هر ځائے کښ پکښ جهګړا راځی، په روډ کښ هم جهګړا راځی، په اوبو کښ هم جهګړا راځی۔ د Change of schemeدومره اوږد Procedureدے چه هغه زما په خیال فنډ به Lapseشی خو هغه پوره کیږی نه۔ زما دا درخواست دے چه د Change of schemeدا مسئله د هم آسانه کړی او دے کښ د ممبر له اختیار ورکړی چه کله Change of scheme دده ضرورت وی چه هغه ډی سی او په هغه ځائے باندے کولے شی نو ډیره مهربانی به وی۔ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: تهینک یو۔ شاه راز خان صاحب۔

جناب شاه راز خان: بسم الله الرحمان الرحیم۔ شکریه، جناب سپیکر صاحب۔ زما ګزارش په دے سلسله کښ دا دے چه نن چه دا کومو ممبرانو صاحبانو چه خبره اوکړه چه ددے دا پروسیجر ډیر زیات Complicatedدےاو ساده طریقه ورله هم

دغه پکار وه ځنګه چه د ممبرانو په تجاویز کښې راغله چه متعلقه ډی سی او او هلته ډی ډی سی ددې فائنل اتهارټی شی او کوم ممبران چه د هغوی سکیمونه ورکوی، ممبر سکیم ورکړی او ډی ډی سی نه فائنل شی او پکار داده چه هغوی فنډ ریلیز شی او کار وربان‍دی شروع شی۔اوس هلته هم وربان‍دې ډی ډی سی او شی۔ دلته هم په مختلف ډیپارټمینټس کښې هغه کاغذونه ګرځی او مونږه په هر دفتر کښې په یو یو ځیز پسې ګرځو او هیڅ قسمه هغه نه کیږی، نه د چاتسلی کیږی او نه کار وربان‍دې روانیږی۔بله خبره داده جی چه دلته په فلور باندې وینا شوې وه،چه په دې کښې چه د ایک لاکھ روپو پورې کوم سکیمونه دی نو هغه به مونږ په پراجیکټ کمیټو باندې کوو۔بیا د پانچ لاکھ روپو خبره هم راغله۔اوس دهغې دپاره د پراجیکټ کمیټو چه کوم پروسیجر جوړ شوې دې نوهغه هم ډیر زیات پیچیده دې ځکه چه په هغې کښې وائی چه تاسو کوم پراجیکټ لیډرمقرر وئ نو هغه به Enlistmentکوی،هغه به پروفیشنل ټهیکدار هلته کښې Declareشی۔بله داده چه هغه به هلته کښې Earnest Money داخلوی۔هغه لکه فرض کړه که دپنځوس زرو روپو یاد یولاکھ روپو سکیم دې نو په هغې باندې به هغه پنځه زره،شپږ زره روپۍ داخلوی او هغه به Non-Refundableوی نو یا خو به پراجیکټ کمیټی دغه پیسې پریږدی، ددې نه به لاس وینځی او یا به هغه متعلقه ایس ډی او، ایکسئن ته وائی چه بهئی دا ته په دی کښې ایډجسټ کړه نو چه هغه لکھوروپو پیسې په زرو روپو پسې ، د کرپشن یوه لاره په کښې هم کهلاؤ شوې ده نو زما ګزارش دادې چه په دې کښې دغه کومه Earnest moneyده چه دا هغوی Refundable Declareکړی چه دا دRefundableوی۔ددې دپاره وائی چه درې میاشتې پس به ورته بل ملاویږی،آتھ فیصد په دې کښې کټوتی کیږی نو دا ټول داسې طریقې دی چه هغه د هغه بیوروکریسی هغه Delaying tacticsاو هغه کرپشن طرف ته، کمیشن طرف ته، رشوت طرف ته یوه لاره هم په دې کښې ډیره لویه کهولاؤ شوې ده نو زما ګزارش دادې Over hauling داوشی چه دې باندې یاد اسمبلۍ یوه کمیټی جوړه شی یا د ګورنمنټ په سطح باندې د یوه کمیټی جوړه شی چه ددې دپاره داسې انتظام اوشی چه یو خو معامله Simplifyشی،بله داده چه کوم دپراجیکټ کمیټو خبره ده چه هغه ساده خبره وی چه ممبران ورله کاغذ ورکړی چه بهئ دا پراجیکټ کول

غواړی او هغے دپاره هغه، بنه بله دا وائی چه په کومه محله کښې جوړیږی نوهم د هغه محلے سړے به وی نو یو خو د پنځوس زره روپو دپاره به یو تهیکه دار وی او پنځوس لکهه روپئ دی نو ددے دپاره به بیل تهیکه دار وی نو په دے کښې زما گزارش دے چه په دے باندے، منسټر صاحب هم دلته کښې ناست دے د بلدیاتو چه دے باندے دوئ سوچ اوکړی اوددے دا طریقه د آسانه شی اود کرپشن او کمیشن دا سلسله پکښې ختمه شی۔

جناب سپیکر: رفعت اکبر سواتی صاحبہ۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: Thank you, Mr Speaker Sir تعمیر سرحد پروگرام پر اب تک جتنی بھی ہم نے جناب والا، گفتگو سنی ہے، جس میں بہت سے گلے بھی ہیں، شکوے بھی ہیں اور بہت سی شکایات بھی ہیں، جس سے میں محسوس کر رہی ہوں کہ اگر واقعی اس طرح یہ سلسلہ چل رہا ہے تو اس سے ایک بڑی Restlessness کی فضا ممبرز میں قائم ہو رہی ہے اور ایک بات ہے کہ جب ممبرز اپنے آپ کو Secure نہ محسوس کریں تو اسکا مطلب ہے کہ Institution میں کچھ غلطی ہے یا اس سسٹم میں کوئی غلطی ہے تو جناب والا، میرے پاس شکایات تو کچھ بھی نہیں ہیں کیونکہ اتنی ڈیٹیل میں وہ باتیں آچکی ہیں کہ میرے خیال میں ان کو دہرانا بھی مناسب نہیں ہے تو میری گزارش یہ کہ ۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی، جی، جی۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: سر! میری کچھ گزارشات ہیں اور میں یہ جانتی ہوں کہ ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جو Minister concerned ہیں، وہ Notes لے رہے ہیں، بہت Seriously جی وہ Notes لے رہے ہیں۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: جی، میں دیکھ رہی ہوں بالکل۔

جناب سپیکر: ہاں، ہاں Concerned Minister۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: بالکل Latest طریقے سے وہ لے رہے ہیں۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! وہ تو اردو سمجھتے ہیں پھر وہ ہیڈ فون کیوں لگا رہے ہیں، ٹرانسلیشن تو ہو چکا ہے (قہقہے) اس کی کیا ضرورت ہے؟ (تالیاں)

محترمہ رفعت اکبر سواتی: اصل میں اردو، اردو میں بھی فرق ہے۔ میرا تلفظ کچھ اتنا ٹھیک نہیں ہے تو اس کو درست کر رہے ہیں۔

جناب عبدالاکبر خان: اردو کا تو اردو میں ترجمہ نہیں ہوتا جناب سپیکر، اردو کا تو پشتو میں ترجمہ ہوتا ہے۔ وہ اردو سن رہے ہیں، منسٹر صاحب اردو سمجھ رہے ہیں۔ (قہقہے)

شہزادہ محمد گستاسپ خان: انہیں عادت ہو گئی ہے۔

جناب سپیکر: آپ پلیز Interruption نہ کریں۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: جی سر! اگر آپکی اجازت ہو تو میں دوبارہ شروع کر دوں؟ جناب والا، فنڈز کی بات، سر اتنا شور ہے کہ بات کوئی۔۔۔۔

جناب سپیکر: آرڈر پلیز، آرڈر پلیز۔ ڈاکٹر ذاکر شاہ صاحب، آرڈر پلیز، جی۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: جہاں تک فنڈز کی بات ہو رہی تھی تو میری گزارش یہ ہے کہ فنڈز کی ڈسٹری بیوشن جس طرح سے ہو رہی ہے، ٹھیک ایک یہ سلسلہ چل رہا ہے لیکن اس میں میری ایک چھوٹی سی ناقص رائے یہ بھی ہے کہ جیسے محکموں میں ریگولیٹری اتھارٹی ہوتی ہے، ہماری یہاں پر ممبرز کی ایک ریگولیٹری کمیٹی ہو سکتی ہے۔ جب ہم اس فنڈ کو Distribute کرتے ہیں تو ہم ہی میں سے ایم پی ایز جو یہاں موجود ہیں اور منسٹرز صاحبان جو موجود ہیں، اس کمیٹی کو Constitute کر سکتے ہیں۔ میں پی اینڈ ڈی کمیٹی کی بات نہیں کر رہی ہوں، شاید سراج الحق صاحب اس پر تھوڑا سا مسکرا بھی گئے ہیں مسکا بھی رہے ہیں۔ اس طرف میرا اشارہ بالکل نہیں ہے۔ میں کہہ نہیں سکتی کہ ہنس رہے ہیں کیونکہ * + + + + + + تو جی ہاں، تو جناب والا، میری گزارش یہ ہے کہ اگر یہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: Expunged، یہ الفاظ حذف کرتا ہوں۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: گر اس کمیٹی کا، اگر قیام میں یہ کمیٹی آجائے جس کو Definitely سینئر منسٹر صاحب ہیڈ کر سکتے ہیں لیکن بات یہ ہے کہ اس کو ہم تھوڑا سا Systematize کر سکتے ہیں۔ اگر ہمارے پاس ایک کام کا انفراسٹرکچر موجود ہے اور اسکا سسٹم ٹھیک نہیں چل رہا تو ہمیں تھوڑا سا اس سسٹم کو ٹھیک کرنا پڑیگا۔ میں صرف ایک رائے دے رہی ہوں سر، I am not criticizing۔

جناب سپیکر: تجویز ہے، تجویز ہے۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: Definitely as I said اور اس میں It is just a tajviz کہ پارلیمنٹری لیڈرز جو ہمارے ہیں، وہ بھی ہو سکتے ہیں، منسٹرز بھی ہو سکتے ہیں اور ممبرز بھی ہو سکتے ہیں تو وہاں پر تھوڑی سی Transparency کام میں آ جاتی ہے اور سر فنڈز کی جو Allocation ہے، وہ دو بڑے Defined Basis پر ہونی چاہیے۔ ابھی بہت سے لوگوں کو اعتراض ہے، بہت سے ممبرز کو اعتراض ہے کہ فنڈز کی Distribution میں Transparency نہیں ہے تو میں سمجھتی ہوں کہ اگر فنڈز کو دو Basis پر لایا جائے، ایک تو آپ اس کو پاپولیشن پر لے آئیں اور دوسرا Equality کے Base پر لے آئیں، جس میں Poverty کو ملحوظ نظر رکھنا چاہیئے کہ کونسا ایریا سب سے زیادہ Poverty struken ہے اور Backward ہے اور اس میں جو سب سے اہم رول ہے وہ یہی کمیٹی ادا کر سکتی ہے۔ سر، چوبیس جو ہمارے یہاں ضلعے ہیں، ان میں Equality ہوتی نہیں ہے۔ ممبران کے Restlessness کا جو Attitude ہے، میرے خیال میں That is an indicator، ایک Eyeopener بھی ٹریژری بنچز کو مل رہا ہے کہ اگر وہ چاہتے ہیں اپنی Workablility کو ٹھیک کرنا تو تھوڑی سی ایسی باتیں، ایسی سفارشات جو ہماری طرف سے آ رہی ہیں، ان کو بھی زیر غور لے آئیں۔ اس میں کوئی حرج نہیں ہو گا اور اس کے ساتھ میں جناب والا، یہ بھی

---

*حذف بحکم سپیکر: + + + + + +

گزارش کرنا چاہتی ہوں کہ آپکو یاد ہو گا جب آل پاکستان ایک یونٹ تھا تو ویسٹ پاکستان میں Already ایک Pre-tested طریقہ ہمارے پاس تھا اور اسکا ایک Manual تھا، میں چاہتی ہوں اگر میری یہ گزارش سنی جائے، آپ اگر اس مینول کو دوبارہ سے پڑھیں یا اسکو Revise کریں، Revive کریں اس مینول کو تو اس میں بہت ساری Transparencies ہیں اور جو شکایات ہیں، ان کا جو پینڈورا بکس ہے شکایتوں کا، وہ کافی حد تک بند ہو جائے گا اور میں سمجھتی ہوں کہ فنڈز کی Distibution اس مینول میں جس طریقے سے دی گئی تھی، وہ اتنی اچھی اور Transparent ہے کہ بعض اوقات پرانے Pre-tested سسٹم آج کے دور میں بھی ہمارے کام آ سکتے ہیں اور یہ بھی میں ساتھ بتاتی چلوں کہ وہ مینول اتنا Important ہے اور اس کی اتنی Legal credibility ہے کہ اس کو Defy کرنا Congnizable offence ہو سکتا ہے تو میرا نہیں خیال کہ کوئی اتنی جرات کرے گا اور ساتھ میری ایک گزارش یہ بھی ہے، میں پھر شکایت نہیں کر رہی ہوں، نہ تنقید کر رہی ہوں کہ چیف منسٹر کے پاس ایک Discritionary Power ہے جو آپ نے

انہیں دے دیا ہوا ہے کہ وہ فنڈز کی Distribution جو ان کی Discretion میں ہے، وہ اپنی مرضی سے کر سکتے ہیں۔ جناب والا! نہ صوبے کی صحت پر اس سے اچھا اثر پڑتا ہے اور نہ لوگوں پر پڑتا ہے۔ یہاں پر ہمیں اس امر پر غور کرنا ہے کہ اگر اس صوبے کو ہم نے چلانا ہے اور Systematically ہم نے کوئی کام کرنا ہے تو بہت Give and take سے چلنا پڑے گا۔ بہت عفو و درگزر سے ہمیں چلنا پڑے گا کیونکہ یہ جو ہر چیز پر Confrontation کرتے چلے جا رہے ہیں تو یہ Healthy attitude نہ ہمارا ہے اور نہ صوبے کے سسٹم پر اس Healthy attitude کی کوئی Reflection آ رہی ہے تو میری دو تین ایسی گزارشات تھیں کہ پلیز، باقی لوگوں کو بھی Deprivation کا شکار نہ ہونے دیں Restlessness نہ Create ہو اور یہ جو سب سے بڑی بات ہے، ایک Atmosphere of vendetta اور Vindictiveness جو آ گیا ہے اس کو ختم کرنا چاہیئے کیونکہ خدارا میری آپ سے درخواست ہے بار بار کہ اس صوبے کو چلانا ہے اور ایک اچھے اور احسن طریقے سے چلانے کیلئے یہ Confrontation کا Attitude ہمیں چھوڑنا پڑیگا، Vindictiveness ہمیں چھوڑنی پڑیگی، Vendetta ہمیں چھوڑنا پڑے گا جس کیلئے چیف منسٹر صاحب کو بھی کچھ قربانیاں دینا پڑیں گی، ان کو بھی دیکھنا پڑیگا کہ ان فنڈز کی Allocation میں کم از کم اور تو چھوڑیں ہم خواتین ہیں، ہم نے ان سے شروع میں بہت ساری گزارشات کیں تھیں کہ جناب، جو خواتین Elect ہو کر نہیں آئی ہیں، Electoral college کے Through آئی ہیں، ان کیلئے کم از کم آپ کچھ ان کے سیکٹرز میں فنڈز مخصوص کر دیں۔ جس میں میرے خیال میں آپ کی سائیڈ کی خواتین بھی Agree کر رہی ہیں اور ہماری سائیڈ کی بھی Agree کر رہی ہیں تو میری سینئر منسٹر صاحب سے بھی یہی گزارش ہے کہ برائے مہربانی وہ جو وعدے آپ نے کئے تھے ان کو ذرا پورا کریں کیونکہ وعدہ وہی ہوتا ہے جو نبھایا جائے۔ تھینک یو سر۔

<u>جناب سپیکر:</u> نوابزادہ طاہر بن یامین صاحب، نوابزادہ طاہر بن یامین صاحب۔

<u>جناب طاہر بن یامین:</u> شکریہ، جناب سپیکر۔ تعمیر سرحد کے بارے میں تو کافی بحث ہو گئی ہے جناب سپیکر، لیکن میری کچھ گذارشات ہیں اس بارے میں اور وہ یہ ہیں کہ ہمارے حلقوں میں تعمیر سرحد پروگرام کیلئے جو ہمیں فنڈز کی Allocation ہوئی ہے تو اسی کے مطابق ہم وہاں کے جو چھوٹے چھوٹے مسائل ہیں، وہ ہم حل کرتے ہیں تو اس میں جہاں تک ایک ممبر، ایک ایم پی اے کی جو ڈیوٹی ہے تو وہ اپنے پراجیکٹس یا Estimates ڈی۔ ڈی۔ سی کے چیئرمین کے حوالے کر دیتا ہے جو کہ آجکل ڈی سی او صاحب ہیں تو ہماری ڈیوٹی اتنی تک ہے اور وہ بات سارے ایم پی ایز کی ریکارڈ پر ہے کہ ہم نے تو تقریباً چھ چھ، سات سات مہینے پہلے وہ

پراجیکٹس Submit کرادیئے ہیں۔ آگے تو صوبائی حکومت کی ڈیوٹی ہے کہ وہ ہمارے یہ پراجیکٹس Sanction کرکے ہمیں بھیجوائے جس کیلئے آسان طریقہ کار جو میرے ذہن میں آتا ہے، وہ یہ ہے کہ ڈی ڈی سی کمیٹی اگر ایک Approval دے دے تو وہ بھی گورنمنٹ کا ادارہ ہے اور وہ بھی گورنمنٹ کی طرف سے ہمارے لئے منتخب ہوا ہے، وہ ڈی سی او صاحب جو ہیں تو ان کی Sanction بھی کافی ہے کہ اس کے مطابق لوکل گورنمنٹ فنانس ڈیپارٹمنٹ کو کہہ دے کہ وہ ہمیں Letter of advice کے ذریعے اپنا فنڈ ڈی سی او کی طرف بھیج دے اور ہمارے وہاں کام بہت جلدی ہو سکتے ہیں کیونکہ یہ ایک Lengthy procedure بن گیا ہے جی۔ جیسا کہ پہلے بھی ہمارے دوستوں نے یہاں کہا ہے کہ Developmental Schemes اگر آپ کی صوبائی اسمبلی کی طرف سے کچھ ہو رہی ہیں تو صرف اور صرف یہ تعمیر سرحد کی مد میں ہو سکتی ہیں اور تو نہ کوئی ایسے فنڈز ہیں اور نہ ہمارے اضلاع میں کچھ ہو رہا ہے۔ 1989-90 کی، جو پہلے بھی یہ بات ہو گئی ہے کہ اے ڈی پی میں ایم پی ایز کا جو اس وقت کا فنڈ تھا، اس کا 20%، Developmental side پر لگاتے تھے۔ آج ہم بارہ تیرہ سال بعد آگے جانے کی بجائے پیچھے جا رہے ہیں جو ٹوٹل Four percent ہم Utilize کر رہے ہیں تو کم از کم آپ یہ بھی دیکھیں Developmental side پہ جس سے ڈائریکٹ Masses پہ اثر ہوتا ہے، ہمارے علاقے کی ترقی جس پہ Depend کرتی ہے، کم از کم وہ سائیڈ اور زیادہ بڑھانی چاہیئے کہ ہم Twenty percent سے Four percent پر Lag Behind کر رہے ہیں جناب۔ ایک اور تجویز جو میرے ذہن میں ہے کہ Letter of advice جو کہ ہمارے فنانس ڈیپارٹمنٹ، اب Sanctions بھی ہو گئی ہیں جی، Sanction شدہ ہمارے جو پراجیکٹس ہیں، وہ چلے گئے ہیں ڈی سی او کے پاس۔ اس کے بعد وہ کہہ رہے ہیں کہ نہیں جی، فنانس ڈیپارٹمنٹ نے کہا ہے کہ مہینہ ڈیڑھ مہینہ اور بھی لگے گا ان Sanction شدہ فنڈز دینے میں۔ یہ کل کی بات ہے، کل میں گیا ہوں تو انہوں نے کہا کہ ان Sanction شدہ سکیمز کیلئے آپ کو ڈیڑھ مہینہ اور انتظار کرنا پڑیگا، یہ فنانس ڈیپارٹمنٹ نے کہا ہے تو جناب، دو ڈھائی، تین مہینے رہ گئے ہیں سال ختم ہونے میں، تو کم از کم ہمیں یہ Surety ملنی چاہیئے، جیسے پچھلی دفعہ فلور آف دی ہاؤس پہ ہمارے منسٹر صاحب نے یہ وعدہ کیا تھا کہ یہ پیسے Lapse نہیں ہونگے لیکن وہ Lapse ہو گئے۔ یہ ایک اور Surety ہمیں دے دیں آج پھر فلور آف دی ہاؤس پہ کہ یہ جو ایم پی اے والے فنڈز ہیں، یہ Lapseable نہیں ہیں، یہ Lapse نہیں ہونگے تو ہماری بڑی دادرسی ہو گی۔ شکریہ۔

<u>جناب سپیکر:</u> Thank you، جناب خلیل عباس خان صاحب۔

جناب خلیل عباس خان: شکریہ،جناب سپیکر صاحب۔
جناب سپیکر: مختصر۔
جناب خلیل عباس خان: مختصر جی، په دے باندے خو جی په هره زاویه باندے خبرے اوشوے جی، زما صرف یو گذارش دے ، سپیکر صاحب۔
جناب سپیکر: پلیز۔
جناب خلیل عباس خان: ما خو وئیل یو زاویه ده، گذارش کوم جی۔۔۔(قہقہہ)
جناب سپیکر: جی، جی، جی۔
جناب خلیل عباس خان: زما جی دا گذارش دے په دے حواله باندے چه زمونږه د هر ایم پی اے دا کوشش وی چه مونږ دا فنډ په ښه طریقه باندے استعمال کړو او زیات نه زیات خلقو ته چه ددے نه فائده اورسی خو که زمونږه د ټولو ایم پی اے گانو سکیمونه اوگورئ، که زما یا د بل نو هغے کښې مونږ چرته پکښې کوڅه پخوؤ، چرته پکښې نالئ جوړوؤ، دغه هر کلی ته مونږه لکھ یا دوه، دوه لکھه روپئ او داسے لږ لږ تقسیم کوؤ جی۔ زما دا تجویز دے جی، چه په دے تعمیر سرحد کښې مونږ ته د دا اجازت راکړے شی که مونږ پرے د سټیډیم د پاره یا گراؤنډ د پاره زمکه اغستل غواړو چه مونږه هغه واخلو ځکه سپیکر صاحب، زما حلق۔ ده او هغه په Lengthکښې څه آسی کلومیټر ده، Eighty Km زما صوبائی حلقه اوږده ده جی، هغه ایف آر کوهاټ او کوهاټ ضلعے سره لگی او په دے اتیا کلومیټرو کښې یو سټیډیم زما په حلقه کښې نشته۔
جناب سپیکر: آرمی والا پکښې هم نشته؟
جناب خلیل عباس خان: جی؟
جناب سپیکر: آرمی سټیډیم پکښې نشته؟
جناب خلیل عباس خان: نه جی نشته پکښې، که د آرمی وی هم نو آرمی مونږه نزدے نه پریږدی جی۔ یو سټیډیم هم پکښې نشته، نه د آرمی، نه د سول، نه چرته په سکول کښې، نه چرته په کالج کښې نو زما دا گزارش دے،دے منسټر صاحب ته هم او

حکومت ته هم چه په کومه طریقه هغوی Purchase کوی، په هغے باندے زما هیڅ اعتراض نشته که کمیټی ورته جوړوی یا چه په کومه شفافه طریقه ئے Purchase کوی، هغه د هغوی طریقه کار ورته جوړ کړی خو دا اجازت د د دے فنډ نه ورکړے شی که مونږه Play ground او سټیډیم د پاره زمکه اغستل غواړو چه هغه مونږه واخلو ځکه جی، چه په یو کلی کښ، زما کلے د شپیتو زرو آبادئ کلے دے، هلته گراؤنډ نشته دے نو که هلته گراؤنډ جوړ شی نو زمونږ ماشومان، نوکری مونږه نه شو ورکولے، نور ورته مونږه څه نه شوکولے خو کم از کم دے چرسونو څکلو نه، دے جوارو نه خوئے مونږه بچ کولے شو کنه جی۔ یوه موقع ورته ورکولے شو چه هغوی خپل مازیګر یا فارغ وخت پکښ تیروی او لوبے پکښ کوی۔ یو صحت منده Activity ده جی او زمونږ دا راتلونکے نسل، دا خو ورځ تر ورځه بے روزگاری زیاتیږی خو کم از کم د یو صحت منده Activity طرف ته هغوی مونږه راغبه کولے شو جی۔

<u>جناب سپیکر:</u> مولانا مفتی حسین احمد صاحب۔

<u>مفتی حسین احمد:</u> **بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ والصلوۃ والسلام علیٰ سیدالھادی و علی آلہ و صحابہ اجمعین۔** محترم سپیکر صاحب! اس موضوع پر کافی ساتھیوں نے گفتگو کی لیکن یہ جو سسٹم ہے، واقعتاً بہت مشکل ہے جیسا کہ عبدالاکبر خان صاحب، بشیر بلور صاحب اور انور کمال صاحب نے تو یہ بھی کہا کہ سارے ساتھیوں کا کلیجہ اس سسٹم سے منہ کو آرہا ہے لیکن کوئی کہہ سکتا ہے، کوئی نہیں سکتا۔ ہم بھی اسی کے شکار ہیں، جیسا کہ اقبال مرحوم فرماتے ہیں کہ

ساز خاموش ہیں فریاد سے مامور ہیں ہم نالہ آتا ہے اگر لب پہ تو مجبور ہیں ہم

(نعرہ ہائے تحسین، تالیاں)

وہ تو آہستہ آہستہ آگے آگے ہم چلیں گے انشاء اللہ وتعالیٰ، ابھی اس پر گذارہ کریں۔

<u>جناب سپیکر:</u> ابھی تو جمود ٹوٹا ہے۔

<u>مولانا مفتی حسین احمد</u>: ابھی تو جمود ٹوٹا ہے تو یہ سلسلہ ایسا ہے کہ اس میں بہت ساری مشکلات ہیں۔ اس سسٹم پر تو بحث ہو گئی ہے لیکن اس سے آگے پھر ٹھیکیداری کا نظام شروع ہو جاتا ہے۔ اس میں بھی بہت ساری خامیاں ہیں اور ممبران اسمبلی کیلئے درد سر بنا ہوا ہے کہ لوگ آتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ٹھیکیدار صحیح کام نہیں

کرتا۔ ٹھیکیدار آکر کہتا ہے کہ میں نے اتنا سارا کام کر لیا ہے، اس بل پر دستخط کر دیں تو ایک ہنگامہ ہے اور ایک مصیبت میں مبتلا ہیں۔ بشیر بلور صاحب نے کل اسلام کی بات کی، اس پر ہمارے منسٹر صاحب برہم ہو گئے تو میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب ہمارا دعویٰ یہ ہے کہ اسلام ایک آفاقی نظام ہے، عالمگیر نظام ہے تو اس تعمیر سرحد کے حوالے سے بھی اسلام میں کچھ ہدایات ہونگی۔ (تالیاں) اور انہی ہدایات کو سامنے رکھ کر ہمیں چلنا پڑیگا۔ اسلام میں اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے "**یرید اللہ بکم الیسرا ولا یرید بکم العسری**" قرآن مجید میں جگہ جگہ ارشاد فرمایا گیا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اپنی مخلوق کے ساتھ سختی کا معاملہ نہیں کرنا چاہتا، ان کو مشکلات میں نہیں پھنسانا چاہتا، ان کیلئے آسانیاں اور سہل طریقے تجویز فرماتے رہتے ہیں تو ہمیں ان آسان طریقوں کو اختیار کرنا ضروری ہے۔ اس طریقے سے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا ہے کہ "یسیرو ولا تیسرو" کہ تم لوگوں کیلئے آسانیاں پیدا کرتے رہو، ان کو مشکلات میں، مسائل میں مت پھنساتے رہو تو یہ اسلامی ہدایات ہیں جس پر ہمیں عمل کرنا ضروری ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے، منسٹر صاحب کو "**خفگان**" کہ شاید یہ ایم ایم اے کے ٹکٹ پر نہیں آئے ہوں تو ان کا الزام صحیح نہ ہو لیکن بہر حال جب اس میں آ گیا ہے تو اب اسلامی اصولوں کو سامنے رکھ کر ان کو چلنا پڑیگا اور اس میں آسانی کے راستے تلاش کرنا پڑینگے تاکہ اس طریقے سے سسٹم کو چلائیں۔ دوسری بات میں یہ کہنا چاہتا ہوں، اگر میں یہ نہ کہوں تو جیسے حدیث شریف میں آتا ہے کہ "**اساقط عن الحق شیطان الاحرص**" کہ حق سے خاموش رہنے والا آدمی گونگا شیطان ہے (تالیاں) وہ یہ ہے کہ حضرت انسؓ کا ارشاد ہے "**عن انسؓ قال کلم خطبنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ولم یقول، لا ایمان لمن لا امانت لہ ولا دین لمن لا عہد لہ**" کہ اس آدمی کا ایمان ہی نہیں ہے جو امانت کی صحیح طریقے سے پاسداری نہ کرے اور اس آدمی کا دین سے کوئی واسطہ نہیں جو اپنے وعدوں کو پورا نہ کرے (تالیاں) اب یہ ہے کہ (تالیاں) یہ اسمبلی اس بات۔۔۔۔۔۔

<u>مولانا محمد مجاہد خان الحسینی</u>: کاش یہ باتیں آپ حق کیلئے کرتے، مخالفت کیلئے نہ کرتے تو ہم آپ کو داد دیتے (تالیاں اگر حق کیلئے کرتے (شور) حق کیلئے نہیں کرتے ہیں، یہ صرف مخالفت کیلئے کر رہے ہیں۔

(قطع کلامیاں)

<u>مولانا مفتی حسین احمد</u>: آپ مجھے بولنے دیں جی۔ (شور) آپ مجھے بولنے دیں جی، بشیر بلور صاحب۔

جناب سپیکر: جی جی، مولانا مفتی حسین احمد صاحب، آپ جاری رکھیں۔

مولانا مفتی حسین احمد: جناب والا!۔۔۔۔

جناب سپیکر: لیکن مختصر کریں، اور بھی مقررین ہیں۔ (شور)

آوازیں: جاری رکھیں، جاری رکھیں۔ (تالیاں)

جناب سپیکر: پلیز، آرڈر پلیز۔ آرڈر، آرڈر پلیز۔

مولانا مفتی حسین احمد: جناب عالی! یہاں فلور پر یہ وعدہ کیا گیا تھا کہ یہ آدھا سال ہے، اس کے پچاس لاکھ روپے ہمیں فنڈ ملے گا۔ پھر کہا کہ اسی سال کیلئے ایک کروڑ ہوگا۔ وعدہ کیا گیا تھا (تالیاں) اب اگر اس وعدے کو پورا نہیں کیا گیا تو یہ وعدے کی خلاف ورزی ہے، اس کو پورا کرنا پڑیگا۔

جناب سپیکر: جی۔

مولانا مفتی حسین احمد: اس طریقے سے سسٹم کے بارے میں لوگ تنگ آ گئے ہیں کہ اب کیا کریں؟ (تالیاں) وہ کسی کا کہنا ہے کہ:

ہمدم کی قسم ہمدم کے لئے ہمدم بھی گیا ہمدم نہ ملا
زخم کھاتے تھے مرہم کیلئے مرہم بھی گیا مرہم نہ ملا

(تالیاں)

والسلام۔

جناب سپیکر: Thank you. قاری عبداللہ بنگش صاحب، قاری عبداللہ بنگش صاحب۔

(شور) پلیز، آرڈر پلیز، آرڈر پلیز۔

قاری محمد عبداللہ: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔۔۔۔۔

جناب کاشف اعظم: جناب سپیکر صاحب! مونږ کښې خو دومره حوصله شته چه حق اووايو او حق واورو۔ دا نور خلق د ځان کښې دومره حوصله، نه ورکښې چرے وه او نه به چرے راشي۔ مونږ د حق۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی پلیز۔

جناب کاشف اعظم: خق یو او حق اوریدے هم شو او حق وئیلے هم شو که هغه زمونږ خپل حکومت هم وی۔ مونږ پرے شرمیږو نه خودے خلقو کښ (شور) هم دا حوصله پکار ده۔ (تالیاں)

جناب سپیکر: قاری عبداللہ بنگش صاحب، پلیز مختصر کریں، مختصر۔

قاری محمد عبداللہ: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا

(نعرہ ہائے تحسین، تالیاں)

شکریہ، جناب سپیکر۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے، اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ "ولا تجادلو الا بالتی هی احسن" کہ تم آپس کے جھگڑوں کو احسن طریقے سے نمٹایا کرو۔ شور مت مچایا کریں۔ قرآن کریم کا ارشاد ہے (شور) قرآن کریم میں اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں "اعدلو هو اقرب للتقویٰ" تم عدل کرو کہ یہ تقویٰ کے زیادہ قریب ہے، تم عدل کرو کہ یہ تقویٰ کے زیادہ قریب ہے۔ جناب والا! ہو سکتا ہے کہ ہمیں عنقریب یہ کہا جاوے کہ اب آپ کی اپنی حکومت ہے لہذا آپ پارلیمانی پارٹی میں اپنی گذارشات سامنے رکھیں لیکن آپ کو پتہ ہے کہ مرکز اور لوکل گورنمنٹ کی برکات کی وجہ سے ہماری حکومت تقریباً سراسر حکمت کی بھینٹ چڑھ چکی ہے اور ہم حکمت کا سہارا لینے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ دوسری طرف یہ کہا جاتا ہے کہ اصل چیز نظام ہے۔ ہمارے عنایت اللہ صاحب، وزیر صحت نے ٹل میں ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ ہمارا مقصد یہ مسائل حل کرنا نہیں ہے، ہمارا مقصد نظام لانا ہے تو میں ریکارڈ پر لانے کیلئے یہ عرض کرونگا کہ تعلیم کی سہولت عوام کو مہیا کرنا، اس طریقے سے ان کو پینے کیلئے پانی مہیا کرنا، چلنے کیلئے راستے اور روڈز درست کرنا، یہ عین اسلامی کام ہیں اور یہ اسلامی نظام سے خارج نہیں ہیں۔ تعمیر سرحد کے حوالے سے میں گذارش کرونگا کہ جناب سپیکر، اس میں تقریباً ہم نے کوشش کی ہے کہ تمام تر اس قسم کے چھوٹے چھوٹے مسائل سامنے آ جائیں لیکن بدقسمتی یہ ہے کہ پچھلے سال جو تعمیر سرحد کا پروگرام شروع تھا، اس میں میری تقریباً تین سکیمیں ڈراپ ہو چکی ہیں اور جب میں نے پوچھا ایکسیئن صاحب سے تو انہوں نے پلاننگ آفیسر کو ذمہ دار قرار دیا۔ پلاننگ آفیسر صاحب سے پوچھا تو انہوں نے کہا کہ متعلقہ ایس ڈی او نے Estimate وقت پہ نہیں پہنچایا۔ اب اس سے باز پرس کون کرے؟ ہماری حکومت ہے، اس کا جواب یہ ہے

کہ ہماری حکومت ہے۔ جناب سپیکر! اس کے علاوہ ایک طرف تو تعمیر سرحد کا فنڈ اس قدر کم ہے کہ اس سے صحیح معنوں میں اگر کوئی ایک دو منصوبے مکمل کرنا چاہے تو نہیں ہو سکیں گے تو دوسری طرف مسئلہ درپیش ہے کہ اس میں جگہ جگہ کمیشن کا سلسلہ جاری ہے۔ بعض محکمے 12% کمیشن لیتے ہیں اور بعض ایسے ہیں کہ 18%، 17% اور 14%، تو جب ہم کسی سکیم کیلئے پانچ لاکھ روپے مقرر کرتے ہیں اور ہم پوچھتے ہیں کہ جو اصل راس المال ہے اس منصوبے کیلئے جو اس پر خرچ ہوگا، وہ کتنا ہے تو کہتے ہیں کہ تقریباً اس میں سے اسی ہزار روپے کی کٹوتی ہوگی۔ اب اس فنڈ میں، اگر خواہ مخواہ اپنی بیوروکریسی کو خوش کرنا ہے تو پھر فنڈ میں اضافہ کیا جائے اور اگر فنڈ میں اضافہ نہیں ہونا ہے تو اس کیلئے کوئی ایسا طریقہ کار، کوئی ایسا آسان پروسیجر نکالیں کہ وہ کم از کم دیانتداری سے، صحیح طریقے سے اور عوام الناس کے منصوبہ جات پر صحیح صحیح، ٹھیک ٹھیک خرچ ہو۔ ہم اور کچھ نہیں کہیں گے، صرف یہ کہیں گے کہ ضلع ہنگو ایک بدقسمت ضلع ہے کہ جس کی اے ڈی پی سکیمیں بھی ساری کی ساری ڈراپ ہو گئی ہیں اور اس کے علاوہ اس میں جو تعمیر سرحد کا پروگرام ہے وہ بھی اس طرح کا ہے کہ اس میں بھی کئی سکیمیں ڈراپ ہو گئی ہیں۔ اب ہم کیا کرینگے؟ کدھر جائینگے؟ ہم نے بھی لوگوں کو جواب دینا ہے۔ ہم اپنے محترم وزیر اعلیٰ صاحب سے یہی کہیں گے کہ "گل پھینکے ہیں اوروں کی طرف بلکہ ثمر بھی" ڈسٹرکٹ ہنگو کے عوام اور ٹل کے عوام کی طرف سے یہ پیغام ریکارڈ پر آنا چاہیئے کہ:

ے گل پھینکے ہیں اوروں کی طرف بلکہ ثمر بھی — اے ابر کرم بحر سا کچھ تو ہنگو کی طرف بھی
اے ابر کرم بحر سا کچھ تو ادھر بھی

شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔

<u>Mr. Speaker</u>: Thank you.

<u>مولانا محمد مجاہد خان الحسینی</u>: میری درخواست ہے کہ اس بدقسمت ہنگو کے ساتھ بدقسمت نوشہرہ بھی ملا لیا جائے۔ (قہقہے، تالیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: غزالہ حبیب صاحبہ۔

<u>الحاجیہ غزالہ حبیب</u>: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ سر! میں صرف یہی کہنا چاہتی ہوں کہ جیسا کہ تمام ہمارے معزز ممبران نے کہا کہ تعمیر سرحد پروگرام انتہائی Lengthy اور Difficult process سے گذرتا ہے تو جیسے عبدالاکبر خان صاحب نے کہا کہ At least نو مہینے لیتا ہے۔ When it prevails تو پلیز آپ اس کو Seriously لے کر اس کو Consider کریں اور اس کو آسان بنانے کیلئے کوئی Step لیں۔ اس کے علاوہ

جیسے دوسرے ممبرز نے بھی کہا کہ On the floor ہم سے وعدہ ہوا تھا ایک کروڑ روپے کا تو ایک اسلامی گورنمنٹ سے یہ توقع نہیں کی جاسکتی کہ وہ وعدہ خلافی کرے گی۔ ان سے گذارش ہے کہ یہ ہمیں ایک کروڑ کی سکیمیں دیں۔

Mr. Speaker: Thank you.

الحاجیہ غزالہ حبیب: دوسرا یہ ہے کہ ہمارے مانسہرہ میں تقریباً ڈھائی مہینے سے زیادہ کا عرصہ ہو گیا ہے کہ میں نے اپنی سکیمیں دی ہیں لیکن ابھی تک ڈی ڈی سی کی میٹنگ نہیں ہوئی ہے تو یہ Process خود لمبا کرتے ہیں اور پھر بعد میں یہ ہوتا ہے کہ یہ Lapse ہو جاتا ہے۔ پلیز سر، اس کو۔۔۔

Mr. Speaker: Thank you.

Alhajia Ghazala Habib: Thank you.

Mr. Speaker: Thank you.Shahzadi Muniba Mansoor-ul-Mulk Sahiba.

منیبہ شہزادہ منصورالملک: جناب سپیکر! ترقیاتی پروگرام پر تو کافی بحث ہو چکی ہے اور ہر ایک ممبر نے اپنی رائے دی جو کہ بہت درست ہے ۔جناب سپیکر! میں آپ کو بتانا چاہتی ہوں کہ ہم Women MPAs اس اسمبلی میں آئی ہیں تاکہ ہم Women کے Problems اس اسمبلی میں لائیں اور Discuss کریں اور اس کو Solve کرنے کیلئے اپنی تجاویز دیں۔

Mr. Speaker: Order please.

منیبہ شہزادہ منصورالملک: Basically ہم Women کی Representatives ہیں اور اس ترقیاتی پروگرام میں اگر آپ Women Development کیلئے فنڈز مختص کر دیں تو وہ آگے جا کر اپنے پیروں پر کھڑی ہو سکیں گی اور اس طرح ہمارا ملک ترقی کر سکتا ہے اور ہم دوسرے ملکوں کے برابر بھی کھڑے ہو سکتے ہیں۔ اگر کیمونٹی سنٹر، نٹنگ سنٹر، کمپیوٹر سنٹر، پریزرویشن آف فوڈز، چائلڈ اینڈ ہیلتھ کیئر سنٹر وغیرہ اس میں شامل کئے جائیں تو اس ترقیاتی پروگرام میں بہتری ہو سکتی ہے۔

(شور)

Mr. Speaker: Order please, order please. جی، بس ختم۔

آوازیں: ان کو دے دیں۔

جناب سپیکر: کس کو؟ قلندر خان لودھی کو؟ میں دیتا ہوں ٹائم۔ جناب پیر محمد خان صاحب۔

(تالیاں)

جناب پیر محمد خان: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم ہ

جناب سپیکر: پیر محمد خان صاحب! مختصر ځکه چه دوه ورځے مولانا مجاهد صاحب ستا ټائم اغستے دے۔ تا خپل ټائم هغوی ته ورکړے وو، او۔

جناب پیر محمد خان: بسم اللہ الرحمن الرحیم ہ سپیکر صاحب! نه پوهیږمه، هغه وائی:

ے کله چه وار زما ځکوراشی د ساقی لاس په رپیدو راشی

(تالیاں)

جناب پیر محمد خان: سپیکر صاحب! خبرے خو پرے زیاتے شوے دی، زه به لږ غوندے، ستا سو خبره ټهیک ده، محدود غوندے خبرے اوکړمه۔ لږ تجویز به ورسره ورکړم۔ اول خو زمونږه د بعضے رونړو دا شک وی چه د تعمیر سرحد پروګرام یا مخکښ د کپ فنډز وو یا پیپلز پروګرام، داسے مختلف نو مونو باندے به داسے قسمه سکیمونه چلیدل، تاسو هم ترے واقف یئ او دا زاړه ممبران زمونږ ترے هم واقف دی، څه ترے واقف دی، د بعض ممبرانو دا شک دے چه دا به مخکښ نغدے ملاویدے بلکه ډیره د افسوس خبره داده چه مارشل لاء چه کله اولګیده په دغه دور کښ زمونږ ډیر سینئیر صحافی په ټی وی باندے، ما د هغه پروګرام اوریدونو هغه هم دا خبره په ټی وی اوکړه چه یره ممبرانو ته چه کوم نغد فنډز ملاویږی نو دا نه دے پکار حالانکه نغد چاته تر اوسه پورے نه دے ملاؤ شوے۔ دے کښ نغدے پیسے نه وی۔ ډیر پخوا هم په دے طریقه باندے فنډز وو لکه دا اوس چه د سکیمونو د پاره دے خو فرق په طریقه کار کښ وو۔ هغه دومره آسان وو چه د خلقو ذهن کښ داوه چه دا چرته دوئ سره نغدے پیسے دی، په جیب کښ پرتے دی۔ جیب کښ چاسره نغدے پیسے نه وی۔ دا سکیمونه به مونږه ورکړل او ډیر آسانه طریقه باندے به راغلل لوکل ګورنمنټ ته، هغه به دستی اوشول او فنډ به فوراً ریلیز شو او کار به پرے شروع شو۔ اوس دا طریقه کار دومره مشکل شوے دے چه د هر چا دا خیال دے چه هغه وخت کښ پیسے نغدے وے او اوس مونږ ته مشکلات راغلی دی۔ مشکلات یقینی راغلی دی، په طریقه کار کښ راغلی دی نو اول دا خبره ټول ذهن کیږدئ چه فنډ نغد نه وو چا ته، زمونږ د پریس رونړه هم ناست دی، نغدے پیسے

هیچا ته هم نه دی ملاؤ شوی، نه تا سو ته ملاؤ شوے دی، نه عبد الاکبر خان ته او نه ما ته او نه بل چا ته ملاؤ شوے دی، سکیمونو ته تلی دی۔ بیا سکیمونه مونږه ورکړل محکمے ته، د هغے خپل انجینئران وو، هغوی به Estimateجوړ کړو او فنډ به هغه محکمے ته تلو او هغوی به بیا چه غټ سکیم په وو، هغه به مو په ټهیکیدار باندے کوؤ۔ ټهیکه به ئے کیده۔ که واړه سکیمونه به وو نو هغه به مو د کلی کلی کمیټی جوړه کړه او کمیټئی به پخپله کولو او پیسے ، Paymentبه هغوی ته کیدو، ممبر ته به نه کیدو۔اوس طریقه کار مشکل شوے دے خو زه حیران په دے خبره یم چه دا فنډ، چه کوم دا سکیمونه دی د تعمیر سرحد پروګرام چه په اے ډی پی کښې راغلی دی او دی اسمبلئی پاس کړی دی، چه اسمبلی یو څیز پاس کړی، چه د هغے د پاسه بیا زه نور نه پوهیږمه، ددے د پاسه بله اداره څوک ده؟ دا پی اینډ ډی پکښې لا د کوم ځائے نه راغلے ده؟ چه دے اسمبلئ پاس کړو، تعمیر سرحد پروګرام د پاره ئے یو فنډ جدا کړو او بیا دا سکیمونه ځی او پی اینډ ډی پکښې راځی کینی یعنی دا خو د لوکل ګورنمنټ کار دے ، داپیسے خو لوکل ګورنمنټ ته پکار دی چه لاړے شی، دا فنډ به د فنانس نه ځی لوکل ګورنمنټ ته، ددے پی اینډ ډی پکښې کوم کار دے چه دے راځی؟ دا څه زیات ماهرین دی ؟د لکهو، ددوه لکهواو درے لکهو،د پنځو لکهو روپو سکیم به وی او پی اینډ ډی به راځی په هغے کښې به کینی، بیا به پکښې رکاوټونه جوړوی یعنی زمونږ ددے سکیمونو د فیل کولو، ددے حکومت د بدنامولو، دا ټول ممبران خپل او پردی ټول شکایتونه کوی او اعتراضونه کوی۔ دا ولے ؟ دا مشکلات ټول پی اینډ ډی جوړوی او پی اینډ ډی مخکښې ما عرض کړے وو چه دا Problematic Department دے ، دا Planning Departmentنه دے نو ټولو نه اول خو ترے دا کټ کړئ۔ براه راست فنډ، حق دا دے چه کوم فنډ مقرر شوے دے، اسمبلئ پاس کړے دے، هغه د لوکل ګورنمنټ ته فوراً ټول Paymentاوشی۔لوکل ګورنمنټ په هغے کښې متعلقه ایم پی اے او ورسره د هغے سیکرټری، ډی جی، د هغے ټیکنیکل انجینئر، څوک چه وی هغه د کینی او په شارټ کټ طریقه باندے د فیصله کوی۔ د سکیمونو لسټ د ورکوی او هغه د شروع کیږی که په ټهیکیدار ئے هغه ممبر کوی، که په کمیټئ باندے ئے کوی۔ مونږه ګوره جی د کمیټئ دا خبره ځکه کوؤ چه مخکښې خو په ډیرو لږو پیسو به غټ سکیمونه

کول، ښه کافي غټ غټ سکیمونه ، لکه مثال په طور ما یو ځل د ډسپنسرو درخواست اوکړو نو په هغه ورځو کښې شپږ آته لکهه روپئ د یو ډسپنسرئ خرچه وه، ما په چهٔ لاکهه څلور ډسپنسرئ جوړے کړے ، په یو نیم یونیم لاکهه روپئ یو یو ډسپنسری او په 1992 کښې چالو شوے دی او ترننه پورے د هغے مرمت هم نه دے شوے ، ښه چلیږی نو دا به مونږه په لږو پیسو ډیر کار کوؤ۔ داسے په یو نیم ، یونیم لاکهه روپئ باندے مونږه پرائمری سکولونه هم جوړ کړی دی، اوسه پورے چلیږی او د مرمت پکښې هم لا ضرورت نه دے راغلے ځکه مقامی خلقو به جوړ کړو، نو مقامی خلق چه جوړوی ، بیا هغه پیسے پرے خرچ کړی، په صحیح طریقه باندے کار اوکړی نو په دے کښې زمونږه کوم رکاوټونه چه دی، یو خو DDAC دے ، چه زمونږه د بدقسمتئ د وجے نه ترننه پورے هغه DDAC زمونږه، چه په تیرو حکومتونو کښې ما مخکښې هم وئیلی وو چه په هغے کښې DDAC وو او اوس زمونږ په خپل حکومت کښې DDAC نشته۔ زمونږ دے رونړو لږے کهلاؤ غوندے خبرے اوکړے نو زما ئے لږ شان حوصله زیاته کړه۔ که نه وی نو زما خو بدقسمتی دا ده چه که څه وایم نو بس (شور) که بل څوک خبره کوی خو خیر دے خو که زه خبره اوکړم۔۔۔

<u>جناب حبیب الرحمن:</u> ته په اخلاص خبره کوه، مونږه د ملګرو یو خو ته بے اخلاصه لګیا ئے۔

<u>جناب پیر محمد خان:</u> " *وفا بدنام ہوتی ہے اگر فریاد کرتے ہیں*" که فریاد کوؤ نو بیا وائی چه دا داسے اوکړه، هغه داسے اوکړه۔ زمونږه دے رونړو چه کومے خبرے اوکړے زما دے سره اتفاق دے۔ مفتی صاحب ډیرے زبردستے خبرے اوکړے خو یوه خبره ئے آخر کښې پریښوده۔ ماوئیل چه دے مفتی دے ، فتویٰ به اولګوی، فتوی ئے او نه لګوله۔ بهر حال خبرے ئے ډیرے صحیح کړی دی۔ په آیتونو او په احادیثو سره ئے ثابته کړه چه زمونږ خپل حکومت ظلم کوی، دا ظلم ختمول پکار دی او دا ظلم کول نه دی پکار۔ بیا که دا ظلم زمونږ په دے حکومت باندے چرته یوه محکمه کوی، د هغے محکمے سرکوبی د اوکړی۔ هغه محکمے نه د دا قوم دمه کړی، د هغے نه د دا ممبران دمه کړی۔ دا ولے د ممبرانو په څټ باندے داسے۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> *شکریہ، شکریہ۔*

جناب پیر محمد خان: محکمے مسلط دی؟ لږ سپیکر صاحب، یوه خبره کوم۔

جناب سپیکر: بس، دوه درے مقررین نور هم دی کنه او ټائم ګورے؟ اوس به پوائنټ آف آرډر او شی چه ستنے په یو بل سورے شوے۔

جناب پیر محمد خان: ښه جی۔ ښه زه شکریه ادا کوم۔

جناب سپیکر: او، مهربانی۔ صابره شاکر صاحبه، یو منټ۔

محترمہ صابرہ شاکر: بسم اللہ الرحمن الرحیم ہ جناب سپیکر! پہلے تو میں اپنی حکومت کی بہت مشکور ہوں کہ انہوں نے ہمیں فنڈز دیئے اور ہمیں فنڈز استعمال کرنے کا بھرپور موقع دیا اور میں سوچ رہی تھی کہ ہم کسی مخصوص علاقے کیلئے نہیں ہیں، ہمارا کوئی مخصوص حلقہ نہیں ہے بلکہ ہماری سوچ اتنی Broad ہے کہ پورے صوبہ سرحد کیلئے سوچنا پڑیگا (تالیاں) اور صوبہ سرحد کیلئے سوچنے کیلئے ہم نے جب فنڈز استعمال کیا تو مختلف گلی کوچوں وغیرہ پر استعمال کیا حالانکہ یہ بھی بہت اہم ہے لیکن میں چونکہ اپنی ذاتی ایک سوچ رکھتی ہوں کہ چونکہ یہ فنڈ مخصوص ہے اور Elected لوگ اسے اپنے حلقوں پر استعمال کریں گے اور یہ ان کا حق ہے لیکن اگر ہم خواتین کیلئے یہ Permission ملتی ہو اور ہمیں Permission دی جائے تو ہم یہ صرف خواتین کی فلاح و بہود کیلئے استعمال کریں (تالیاں) اور بہت Planning کے بعد میں اپنے علاقے کی بات کرنا چاہونگی کیونکہ ہمارے علاقے میں، کیونکہ خواتین، مختلف سکولوں میں ہماری ایجوکیشن وہاں ختم ہو رہی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ٹیچرز دور دراز کے علاقوں سے آتی ہیں، کوئی جگہ نہیں ہے ان کے پاس رہنے کیلئے، اگر گورنمنٹ Permission دے اور گورنمنٹ ہمیں Allow کرے تو ہم اپنے فنڈز سے تحصیل کی سطح پر ہوسٹلز بنادیں، ان کیلئے اور ایسی کوئی جگہ (تالیاں) اور ایسی کوئی جگہ اور ایسا کوئی انسٹیٹیوٹ۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: ایک ڈسٹرکٹ میں نہیں بلکہ سارے صوبے میں۔

محترمہ صابرہ شاکر: سارے صوبے میں جی، کیونکہ یہ Categorise ہم خود بھی کریں گے اور جن جن کی بھی ڈیمانڈ ہوگی، میں اپنے تمام بھائیوں سے Request کرتی ہوں کہ جن کے علاقے میں ایسا پرابلم ہوگا، بالکل ہم انہی کے علاقوں میں لگادیں گے۔ (تالیاں) ایسا کوئی مسئلہ نہیں ہے لیکن اگر گورنمنٹ ہمیں Permission دے اور ہم یہ کردیں اور تعمیر سرحد کے لحاظ سے میری ایک، شاید یہ تعمیر سرحد پروگرام نہ ہو لیکن میری ایک سوچ تھی کہ جس طرح ہمارے علاقوں میں ٹرانسپورٹ کا پرابلم کھڑا ہوگیا ہے بلکہ ہمارے

لڑکے جتنے بھی ہیں، وہ بھی ٹرانسپورٹ کیلئے دھکے کھا رہے ہیں۔ ہم اکثر یہاں سے جب جاتے ہیں تو سٹوڈنٹس پورے ایریا کو گھیر لیتے ہیں۔ اگر ہمارے فنڈز سے پیسے مخصوص کر دیئے جائیں اور ان کیلئے بسیں خرید لی جائیں تو اس سے ریونیو بھی Generate ہو گا۔ (تالیاں)

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: جی، تھینک یو۔ شکریہ۔

محترمہ صابرہ شاکر: اور انسٹیٹیوٹ وغیرہ بھی کھول دیئے جائیں گے۔ جس طرح ہمارے یہاں ایک ہاسٹل ہے اور وہاں پر مختلف دکانیں بھی انہوں نے کھولی ہیں اور بہت زبردست قسم کے یہاں ہمارے Women Hostels ہیں، اگر ان کی Permission دے دی جائے تو ہم بڑے مشکور ہوں گے۔ تھینک یو۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ سلمیٰ بابر صاحبہ۔

محترمہ سلمیٰ بابر: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ معزز سپیکر صاحب! شکریہ کہ آپ نے مجھے ٹائم دیا۔ میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لوں گی، دو منٹ بات کروں گی کہ تعمیر سرحد پروگرام، تعمیر کا مطلب ہے کسی چیز کی بنیاد رکھنا یا اس کو بنانا اور اس کے کئی پہلو ہیں۔ اسی پالیسی کو صرف گلیوں اور نالیوں تک محدود نہیں رکھنا چاہیے بلکہ اس کو ہر نکتہ نگاہ سے دیکھنا چاہیے مثلاً پہلے روزگار پھر معمار۔ اس حوالے سے میں تھوڑی سی آپ سے یہ گزارش کروں گی کہ خواتین کے مسائل اپنی جگہ پر بہت سنگین ہیں، جس طرح پروین شاکر نے کہا۔

جناب سپیکر: آرڈر پلیز، آرڈر پلیز۔

محترمہ سلمیٰ بابر: ؎ وہ تو خوشبو ہے فضاؤں میں بکھر جائے گا مسئلہ پھول کا ہے پھول کدھر جائے گا۔

خواتین کیلئے طریقہ کار آسان بنایا جائے، ہم دفتروں کے چکر تو نہیں کاٹ سکتے اور ہم اپنی سکیمیں بروقت دیتے رہتے ہیں مگر ڈی ڈی اے آفس والوں کا بڑا ہی Slow motion ہے کہ جب تک سکیمیں ہماری منظور ہو جاتی ہیں تب تک تو وہ گلی Already ڈسٹرکٹ والے بنا لیتے ہیں تو پھر اسے ہمیں کوئی فائدہ تو نہیں ہوتا۔ پھر وہ کہتے ہیں کہ جی آپ اور سکیمیں دیں۔ اسی طریقے سے ٹائم Waste ہوتا ہے۔ ہماری سکیمیں پلاننگ آفیسر کو ایک ہفتہ کے اندر منظور کرنی چاہئیں، پھر پشاور جلد ارسال کرنی چاہئیں کیونکہ ہم لوگ بہت دور ڈیرہ میں رہتے ہیں اور ہمارا بھی Time waste ہوتا ہے اور اس طرح ہماری سکیمیں بھی جلد یہاں پر نہیں پہنچ پاتیں۔ سروے بھی جلد کرنا چاہیے۔ دوسرا یہ کہ گلیاں اور نالیاں بنانا خواتین کا کام نہیں ہے، اس پالیسی کو نرم

کرنا چاہیے۔ خواتین کی بہبود کیلئے سلائی سنٹرز، کاٹیج انڈسٹری اور کئی اور کام رکھے جائیں جس سے روزگار بھی مہیا ہو اور خواتین کو فائدہ بھی پہنچے۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ قلندر خان لودھی صاحب۔

جناب قلندر خان لودھی: شکریہ، سپیکر صاحب! بڑی مہربانی۔ (قطع کلامی)

جناب سپیکر: مختصر۔

جناب قلندر خان لودھی: بالکل، میں جی اس پر کوئی لمبی تقریر نہیں کروں گا، صرف دو ہی باتیں کروں گا۔ ایک یہ کہ اس پروگرام کو سہل کیسے بنایا جاسکتا ہے؟ (قطع کلامی)

جناب سپیکر: اچھا۔

جناب قلندر خان لودھی: جیسے میرے بھائیوں نے اس ضمن میں کہا، چونکہ میرا بھی اس میں کافی تجربہ ہے تو میں یہ کہتا ہوں کہ اگر یہ جیسے ہی چیک ہمیں، آپ ویسے پیسے ہمیں دے رہے ہیں پچاس لاکھ، یہ بڑی اچھی بات ہے۔ صوبے میں اور مرکز میں بھی یہی بات ہو رہی ہے، بغیر کسی تمیز کے اب فنڈز مل رہے ہیں تو سیدھا سی ڈی سی او کو یہ چیک چلا جائے اور وہاں جو ہماری سکیمیں ہیں، وہاں اسی ڈی سی او کو ہم یہ سکیمیں دیں اور وہاں یہی ڈی ڈی سی ہو اور اس کے بعد ایک لسٹ ٹائپ چیز کو آ جائے، وہ پی اینڈ ڈی کو آ جائے، ہمارے بلدیات کے سیکرٹری کو آ جائے، منسٹر صاحب کے پاس آ جائے، فنانس کے پاس آ جائے۔ ایک تو جو بنڈل اٹھائے اٹھائے پھر رہے ہیں اور دفتروں میں اتنا بڑا وقت ضائع ہو رہا ہے، ایک تو اس سے بچ جائیں گے اور باہر ہر جگہ میٹنگ سے بچ جائیں گے تو یہ بہت سہل ہو جائے گا۔ دوسری بات جی، جو آپ نے کمیٹی کا کہا ہے تو کمیٹی میں یہ فنڈز آتے ہیں، یہ جو ہم لوگ بنا رہے ہیں تو پراجیکٹ لیڈر ہماری ذمہ داری ہے جی۔ یہ تو بالکل ہونا چاہیے کہ ہم کوئی Honest آدمی دیں، ایم پی اے اس آدمی کو مقرر کریں اور کمیٹی وہ دے اور اس میں کسی قسم کی Investment نہیں ہونی چاہیے۔ اس کو ٹھیکیدار ہم نہیں بنا رہے۔ ان کو ہم Self base پر یہ راستہ دکھا رہے ہیں کہ آپ کو اپنی مدد آپ کے تحت یہ پیسہ گورنمنٹ آپ کو دے رہی ہے، اس کے ساتھ چلیں نہ کہ ہم اور ٹھیکیدار Create کر لیں، پہلے ہی سے اس سے جتنا مسئلہ بنا ہوا ہے تو وہ ہم دیں گے کمیٹی اور اس میں جو کمیونٹی Executing agency ہو، وہ کمیونٹی کو بھی دیکھیں اور اس کام کو بھی دیکھیں کیونکہ وہ ٹیکنیکل لوگ ہوتے ہیں، وہ Qualify of work کو کنٹرول کریں۔ یہ میری اس کے متعلق تجویز ہے اور دوسری بات یہ ہے جی کہ یہاں پر کمیشن کی بات چل رہی ہے تو اس دور میں اگر ہم نے اس صوبے سے اس

لعنت کو ختم نہ کیا تو پھر کبھی نہیں ہو سکتا۔یہاں جو بات حقیقت ہے تو وہ حقیقت ہے۔ جو ایک روایت چل چکی ہے اس کو مٹانا بہت ہی مشکل ہو جائے گا لیکن اس کو ذرا سہل کرنا ہے تو اس میں ایسا کریں کہ گناہ سے بچ جائیں ، جو دیتا ہے اس کے اپنے پیسے ہوتے ہیں، وہ اپنے پیسے دے کر، حاتم طائی کوئی نہیں ہے، مجبوری سے دیتا ہے جی، وہ جو اپنے پیسے دے کر اپنے لئے گناہ خریدتا ہے تو وہ اللہ کا بھی گناہ گار ہو جاتا ہے تو اس کیلئے گورنمنٹ کی طرف سے معمولی سے، Nominal سے چار جز ہو جائیں کہ یہ چار جز، جیسا کہ ہمارے فاٹا وغیرہ میں بھی ہیں کہ وہاں پر ملکوں کو دیئے جاتے ہیں تو اگر اس قسم کا ہو جائے کہ بھئی جو اس میں انجنیئرنگ سٹاف کام کرتا ہے اور یہ پانچ پرسنٹ یا دس پرسنٹ اسی چیک سے کاٹ لیں جس طرح سے ٹیکس کاٹا جاتا ہے اور ان کا ایگزیکٹیو ان میں وہ بانٹ دے تو ایک جائز طریقہ ہو جائے گا۔یہ اس لئے میں نے کہا جی کہ ہمارے انجینئرز کی تنخواہیں بہت کم ہیں اور لوگوں کی بھی تنخواہیں بہت کم ہیں، وہ اس میں اپنے بچے نہیں پال سکتے تو یہ اس کیلئے ہو لیکن یہ جو اپنی اپنی بادشاہت ہے ، اس کو ختم کیا جائے کہ کوئی 12% لے رہا ہے ، کوئی 18% لے رہا ہے ، کوئی Acceptance لے رہا ہے تو ان چیزوں کی نفی کی جائے جی اور اگر اس دور یہ نفی نہ ہوئی جناب سپیکر سر، تو میرے خیال میں یہ کبھی بھی نہیں ہو گی تو اب جی، بات جو ہے۔ (قطع کلامی)

<u>جناب سپیکر:</u> قلندر خان لودھی صاحب! آپ کا مطلب یہ ہے کہ Uniformaties میں ہونا چاہیے یا اس کو ختم کرنا چاہیے۔

<u>جناب قلندر خان لودھی:</u> یہ جی آپ ختم نہیں کر سکتے، جس چیز کو آپ ختم نہیں کر سکتے تو وہ نہیں کر سکیں گے۔آپ اگر کہیں کہ ہم ختم کر سکتے ہیں تو کوئی اس کو ختم نہیں کر سکتا۔اس کو آپ کم کر سکتے ہیں، اس کو Regularize آپ کر سکتے ہیں اور اس میں یہ کریں تاکہ لوگوں پر کم بوجھ پڑے۔ ختم آپ کیسے کریں گے ؟ آٹھ ہزار روپے آپ ایک انجینئر کو تنخواہ دیتے ہیں اور Consulting والے ان کو ایک لاکھ روپے دے رہے ہیں۔ایک طرف ان کو گاڑی اور بنگلہ مل رہا ہے اور دوسری طرف وہی انجینئر اسی کالج میں پڑھتا ہے، ایک ہی بیج میں رہتے ہیں۔ایک سیٹ پر آتا ہے، وہ آٹھ ہزار لے رہا ہے اور دوسرا لاکھ لے رہا ہے، وہ کیسے کرے گا؟ ان کو اپنی زندگی تو رکھنی ہے، اس لئے اس نے کرپشن کرنی ہے، اس نے چوری کرنی ہے، اس کو ہم نے گنہگار بنانا ہے، اس کو ہم نے جہنمی بنانا ہے۔دینے والا بھی جہنمی ہو گا اور وہ بھی ہو گا۔اس سسٹم کو ہم نے ختم کرنا ہے، اس کو سہل کرنا ہے جی۔

<u>جناب سپیکر:</u> تھینک یو، شکریہ۔جی، رخسانہ بی بی۔

جناب شاد محمد خان: جناب سپیکر صاحب! زه د هیر یمه؟

جناب سپیکر: بس کوؤ انشاء الله۔ د دے نه روستو بس۔ یو منټ، بس یو منټ۔

محترمه رخسانه راز: ډیره ډیره مهربانی سپیکر صاحب، چه تاسو ماله موقع راکړه، د دے تعمیر سرحد په حوالے سره په خبره کولو باندے۔ زمونږه ممبرانو خو ډیرے ښے ښے خبرے اوکړے تعمیر سرحد سره Relatedخو زه به د دے د ریفارمز باره کښ یو څو خبرے اوکړمه، هغه دا چه First of allخو یوه دا خبره ده چه مونږه کوم سکیمونه مخکښ ورکړی وو، په هغے کښ پینځه شپږ سکیمونه شروع شوی وو او ختم شو او نور چه کوم دی، هغه لا په ځائے پراته دی نو دوئ په مونږ پسے لیټرے کوی چه نور سکیمونه تاسو ورکړئ نو د هغے به څه گارنټی وی چه هغه به څومره مودے پورے، چه دوه کالو پورے به چلیږی که دریو کالو پورے؟ بله دا خبره ده چه ډیپارټمنټ والا چه Estimatesنه اخلی، هغوی Estimatesپه دفترونو کښ واخلی بیا چه زمونږ کارونه شروع شی نو هغه بیا نیم پکښ اوشی چه مونږه ټهیکیدار سره خبره کوؤ نو هغوی وائی چه دا فنډ دومره وو، بس ختم شو نو Estimatesد په دفترونو کښ نه اخلی او هغه د راځی Siteته او په Siteد Estimatesاخلی۔ دویمه خبره دا ده چه۔۔۔۔

جناب سپیکر: دریمه۔

محترمه رخسانه راز: چه شیډول سسټم چه کوم دے، دا زوړ شیډول ختمول پکار دی او نوی ریټس، ځکه چه ریټونه ډیر هائی شوی دی او نوے شیډول د دے دپاره دغه کول دی ځکه چه دے سره د کارونو معیار هم خرابیږی او کارونه چه دی نو هغه، د دوئ خو ترینه خپل کمیشن، هر څه ترے پوره اخلی او ریټس چه کوم دی نوهغه هائی ریټس کښ چلیږی نو د کارونو معیار ډیر زیات خرابیږی۔ دریم چه کوم۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: څلورم۔

محترمه رخسانه راز: واپډا سره Relatedمونږه چه کوم سکیمونه ورکړی دی نو هغوی مونږ ته دا، مونږ چه هغوی له ورشو، پینځه شپږ میاشتے اوشوے که آته میاشتے

او شوے ، هغوی وائی چه مونږ به پهلا د سینیټرز سکیمونه Complete کوؤ، بیا به د ایم این ایز کوؤ او تاسو به په تهرډ باندے کوؤنو د واپډا سره Related زمونږه سکیمونه لا تر اوسه پورے شروع شوی هم نه دی او بله دا چه کوم۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: آخری۔

محترمه رخسانه راز: نه جی، آخری نه۔

جناب سپیکر: آخری۔

محترمه رخسانه راز: بنه جی۔ آخری خبره دا ده چه چارسدے سره Related چه مونږه اے ډی پی کښې کوم کارونه ورکړی وو، سوله ستره کارونه مونږ ورکړی وو، تر اوسه پورے هغے کښې یو کار هم نه دے شروع شوے او زیات تر سکیمونه ئے هسے دغه کړی دی خو هغے کښې یو کار هم په اے ډی پی کښې ئے نه دے اچولے نو زمونږ به ستاسو په توسط سره دا ریکویسټ وی چه اے ډی پی کښې د Reserved seat والا هم شامل کړے شی۔

جناب سپیکر: جناب شاد محمد خان۔

جناب شاد محمد خان: مهربانی سپیکر صاحب۔ خبره دا ده جی، چه د چا یو نه به مخکښې ستاسو توجه زه راواړومه، یو دوه وړے وړے خبرے زه کول غواړمه۔ (قطع کلامی)

جناب سپیکر: تقریر کوے تقریر، دغه نه دے۔

جناب شاد محمد خان: هغه زما د دغه سره تعلق لری۔ مونږه خو د داسے بدقسمته قوم سره تعلق لرو چه هغے ته خټک وئیلے شی۔ هغه دے دپاره چه نن سبا خلق آسمان ته اوختل او د خټک قوم د څکلو اوبه نشته دے۔ په دے وخت کښې (تالیاں) دا په فلور آف دی هاؤس به زه ورته خبره اوکړم، یو وړوکے غوندے ډیم دے، درملک ډیم ورته وئیلے شی زما حلقے کښې ،په هغے باندے به چار پانچ لاکھ روپئ لګی، ستاسو په وساطت سره حکومت ته دا عرض کومه جی، که دا اوکړی نوټیوبویلونو کښې به لږے اوبه راشی او زمیندراه به پرے آباده شی۔ بل عرض دادے سر چه دنهو

کالو نه زما په کلی کښې يو ډگری کالج جوړ دے او سټاف ئے نشته نو که دا مهربانی تاسو اوکړئ د قوم سره چه د دے منظوری حکومت په خپل لاس باندے واخلی نو دا به ستاسو ډيره زياته مهربانی وی ---- (قطع کلامی)

<u>جناب سپیکر</u>: تھینک یو۔

<u>جناب شاد محمد خان</u>: او دد ے نه پس جناب سپيکر صاحب، د چائے وخت د ے بس۔

<u>جناب سپیکر</u>: ډاکټر ذاکر شاه صاحب۔

<u>ڈاکٹر محمد ذاکر شاہ</u>: بسم الله الرحمن الرحيم ۔شکريه، جناب سپيکرصاحب۔ په تعمير سرحد خو ټهيک ټهاک خبرے اوشوے ، زه په هغے باندے خبره نه کول غواړمه خو چونکه پی ايف ون يو اهمه او Sensitive علاقه ده او د اسمبلی سټارټ د پی ايف ون نه کيږی خو دا خبره زه ډير افسوس سره کومه چه په دے کښې يو گرلز کالج نشته دے او زمونږ بعضے فيميل ممبرانو اووئيل چه زمونږ دا فنډ د د فيميل دپاره استعمال کړے شی نو زما دوئ ته دا درخواست دے که فرض کړه زما کالج دپاره دوئ ماته فنډ راکړی نو کم ازکم پی ايف ون کښې يو کالج به د جينکو دپاره جوړ کړے شی۔

<u>جناب سپیکر</u>: مہربانی، وجیہہ الزمان صاحب۔

<u>جناب وجیہہ الزمان خان</u>: شکریہ، جناب سپیکر! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے اس شارٹ ٹائم میں بھی مجھے توجہ دی۔ Main، اہم باتیں جو ہیں اس تعمیر سرحد پروگرام کے حوالے سرے وہ ہو چکی ہیں۔ پیچھے میں نے ایک Question raise کیا تھا جس میں، میرے خیال میں آنریبل منسٹر صاحب موجود نہیں تھے، اس میں 14 % کمیشن بھی کٹتا ہے، کوئی 17% کہتا ہے، مجھے تو Exact figure یاد نہیں کہ کتنا ہے؟ کٹتے کٹتے، وہ پچاس لاکھ ویسے ہی اتنے کم ہیں اور کٹ کٹ کر پتہ نہیں یہاں پر آ جاتے ہیں۔ ایک اس میں گورنمنٹ کی طرف سے جو ڈھائی فیصد Contingency لگائی گئی ہے سر، اس کے بارے میں میں کہنا چاہوں گا کہ اس میں باقی سکیمیں وہ تو خیر ہے ہم کوئی سکیم ڈراپ کریں گے لیکن جو واپڈا کا ہیڈ ہے، واپڈا والوں کے چیک سے ایک پیسہ بھی کم کر دیں تو وہ چیک Accept نہیں کرتے اور اس کی وجہ سے ہمارے پچھلے سال کے جو پروگرام ہے، ابھی تک تعطل کا شکار ہے۔ نیا تو پھر پتہ نہیں کب چلے گا۔ تو کم از کم یہ Clarify کریں کہ ہم روز جاتے ہیں

اور کہتے ہیں کہ جی ہو گیا اور پھر پتہ چلتا ہے کہ اس میں کوئی نئی چیز آ گئی۔ پھر کہتے ہیں کہ ہو گیا۔ تو پچھلے سال کا جواب تک نہیں ہوا، اس میں نہ ہونے کی وجوہات ہمیں بتائی جائیں کہ کیوں نہیں ہو رہا؟ اور آئندہ جو آنے والا اس سال کا، جو موجودہ سال ہے، اس کا کب تک Implement ہو جائے گا، اس کی بھی ہمیں ذرا وضاحت کرا دیں۔ Thank you so much Sir.

Mr.Speaker: The House is adjourned for tea break.

(اس مرحلے پر ایوان کی کارروائی چائے کے لئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب مشتاق احمد غنی: سپیکر صاحب! ایک گزارش ہے۔

جناب سپیکر: کر لیں، کر لیں۔

جناب مشتاق احمد غنی: جناب! میں ایک گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ ایبٹ آباد میں فاسفیٹ کا ایک بہت بڑا کارخانہ تھا اور وہ انہوں نے نقصان کی وجہ سے بند کر دیا۔۔۔ (قطع کلامی)

جناب سپیکر: میں نے یہ سوچا کہ آپ Minister concerned سے کوئی اپیل کرتے، وزیر بلدیات سے کہ خدا کیلئے جہاں کہیں بھی ہو، تم آ جاؤ، تمھیں کچھ نہیں کہا جائے گا۔

جناب مشتاق احمد غنی: جناب! ان کو تو ہم نے پہلے ہی ریکویسٹ کی ہے۔ آپ ہمیں اجازت دے دیں تو ہم conclude بھی کر دیں گے ان کی جگہ۔۔۔ (قہقہے)

جناب سپیکر: مطلب یہ ہے کہ ان سے تمھیں کچھ نہیں کہا جائے جو کچھ کہنا تھا وہ ہم کہہ چکے ہیں بس۔

جناب مشتاق احمد غنی: میرے خیال میں انہوں نے سن لیا ہو گا اور وہ آنے والے ہوں گے، وہ آ ہی گئے۔

جناب سپیکر: اچھا جی۔

جناب مشتاق احمد غنی: میں اپنی وہ گزارش مکمل کر لیتا ہوں جناب، کہ ان کو وہاں سے فارغ کر دیا گیا اور کوئی گولڈن ہینڈ شیک نہیں دیا گیا جبکہ خزانہ شوگر ملز کی جب نج کاری ہوئی، اس کو فروخت کیا گیا تو اس کے ملازمین کو گولڈن ہینڈ شیک دیا گیا، تو میری یہ گزارش ہے کہ اب وہ کارخانہ جو اس وقت فاسفیٹ کا ایبٹ آباد میں بند کیا گیا تھا، اب وہ بیچ دیا گیا ہے اور بڑے اچھے پیسوں پر وہ فروخت ہوا تو وہاں کے دو ڈھائی سو ملازمین جن کو اس وقت بے روزگار کیا گیا تھا اور گولڈن ہینڈ شیک نہیں دیا گیا تھا تو اب ان کو ان کے باقی ماندہ بقایات ادا کئے جائیں۔

جناب سپیکر: ملک ظفر اعظم صاحب، ملک ظفر اعظم صاحب، میرے خیال میں آپ سے پہلے بات ہو چکی ہے اس وجہ سے۔۔۔۔

جناب ظفر اعظم (وزیر قانون و پارلیمانی امور): ہاں جی۔

جناب سپیکر: یہ تو نورا کشتی معلوم ہو رہی ہے، جی۔ (قہقہے)

وزیر قانون و پارلیمانی امور: جس طرح ہمارے پارلیمانی لیڈر نے فاسفیٹ کارخانے کا ذکر کیا تو یہ 1985 میں 97 ملین روپے کی لاگت سے بنا تھا اور 1996 میں یہ فیصلہ ہوا کہ یہ پراجیکٹ نقصان میں جارہا ہے اور اتنے نقصان کے بعد جب حکومت اس کے نقصان کو برداشت کرنے کے قابل نہ رہی تو اس نے اسے پرائیوٹائزیشن کی شکل میں دے دیا۔ یہ جو فاسفیٹ کا آپ ذکر کر رہے ہیں۔۔۔(قطع کلامی)

جناب سپیکر: یہ بات سے ہو گئی ہے باہر، ہاؤس سے باہر ہونے کے بعد کی گئی ہے۔ (تالیاں، قہقہے)

وزیر قانون و پارلیمانی امور: تو پھر بعد میں، باہر ان کے ساتھ ملکر ان کو پوری Detail ہم دے دیں گے۔

جناب سپیکر: بس ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔ جی، شگفتہ ناز صاحبہ۔

محترمہ شگفتہ ناز: ایک بہت اہم مسئلے کی طرف آپ کی توجہ۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: کیا مسئلہ ہے؟ یہ تو منسٹر صاحب اب۔۔۔۔۔۔۔۔

محترمہ شگفتہ ناز: یہ ایک خاتون کا بہت اہم مسئلہ ہے، بیوروکریسی متحدہ مجلس عمل کی حکومت کو ناکام کر رہی ہے۔ میں ایک خاتون کا بہت سیریس مسئلہ آپ کے سامنے پیش کرنا چاہتی ہوں کہ 11 ستمبر 2003 کو ان کی ٹرانسفر کر دی گئی نوشہرہ کیلئے جبکہ ان کی ریٹائرمنٹ میں صرف ایک سال باقی تھا اور قانون یہ ہے کہ جب بھی ریٹائرمنٹ میں دو سال باقی ہوں تو پھر کہیں بھی ٹرانسفر نہیں کی جاتی ان کی مرضی کے بغیر، تو ان کی ٹرانسفر کر دی گئی اور متاثرہ پروفیسر نے سینئر وزیر صاحب سے بھی رجوع کیا۔ انہوں نے بھی متعلقہ حکام کو احکامات جاری کئے اور انہوں نے فضل علی صاحب سے بھی رجوع کیا، انہوں نے بھی حکم جاری کیا، دونوں وزراء کے کہنے کے باوجود انہوں نے اس کا کوئی نوٹس نہیں لیا، کوئی کارروائی نہیں کی۔ اس کے بعد وہ خاتون عدالت چلی گئیں اور عدالت میں انہوں نے اپنا کیس لڑا۔ عدالت نے ان کے حق میں فیصلہ دے دیا اور یہ جنوری کی بات ہے کہ عدالت نے ان کے حق میں فیصلہ دے دیا ہے لیکن تاحال ان کو اپنی پوسٹ پر واپس بحال نہیں کیا گیا۔ چھ ماہ سے ان کی تنخواہ بند ہے، وہ Recently بیوہ ہوئی ہیں، ان کا کوئی بیٹا بھی نہیں ہے۔ ان کو ٹرانسفر بھی کیا گیا آخری ٹائم میں، جبکہ ان کا Tenure بالکل ختم ہونے والا تھا۔ ریٹائرمنٹ کی ان کی مدت۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

<u>جناب سپیکر:</u> میرے خیال میں۔۔۔۔۔۔ (قطع کلامی)

<u>محترمہ شگفتہ ناز:</u> سپیکر صاحب! آپ بھی اپنا کردار ادا کریں اور۔۔۔۔۔۔ (قطع کلامی)

<u>جناب سپیکر:</u> انشاء اللہ وہ وزیر صاحب جب آئیں گے، ایجوکیشن کا مسئلہ ہے؟

<u>محترمہ شگفتہ ناز:</u> ایجوکیشن کا مسئلہ ہے اور یہ کہ عدالت کا حکم بھی نہیں مانا جا رہا ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> بس ٹھیک ہے۔ وہ مانیں گے عدالت کا حکم۔ سردار ادریس صاحب، جبل صاحب، نہیں نہیں، وہ Disturbance نہیں کر رہے ہیں، وہ مدد کر رہے ہیں۔

<u>جناب محمد ادریس (وزیر بلدیات):</u> الحمد للہ رب العالمین وصلوٰۃ والسلام علی رسول الکریم و علیٰ آلہ والصحابہ اجمعین۔ جناب سپیکر! تعمیر سرحد جیسے اہم موضوع پر تمام اراکین اسمبلی نے اپنی اپنی تجاویز بھی پیش کی ہیں اور اس ضمن میں جو مشکلات تھیں، ان مشکلات سے بھی ایوان کو آگاہ کیا ہے اور کل سے آج تک جو اس پر بحث ہوئی ہے، بڑے انہماک سے اور بڑے استغراق سے آپ نے بھی اور ہم سب نے بھی ان کی گفتگو سنی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ آج اس ایوان کے اندر تمام پارٹیز کے لوگ موجود ہیں اور ان کا تقاریر سے ایک بات تو کم از کم یہ سامنے آئی ہے کہ تعمیر سرحد کے حوالے سے، کسی پارٹی کے حوالے سے، پارٹی کی وابستگی کے حوالے سے کسی کے ساتھ کوئی خط امتیاز نہیں بھرتا گیا اور اگر اس ضمن میں کوئی پریشان تھا، تو تمام ایم پی ایز پریشان تھے اور اگر اس ضمن میں کوئی آسانی تھی تو وہ تمام ایم پی ایز کیلئے آسانی تھی۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس ضمن میں پراونشل گورنمنٹ نے کوئی Distinction draw نہیں کیا، کوئی Discrimination نہیں کیا اور نہ ہی کسی Individual نے اس کا اظہار بھی کیا ہے۔ تعمیر سرحد کے حوالے سے جو اس کا لمبا Process ہے، تقریباً تمام نے متفقہ طور پر خواہ وہ حزب اختلاف سے تعلق رکھتے ہیں یا حزب اقتدار سے، پورے ہاؤس نے اس ضمن میں یہ کہا کہ اس کو سہل بنایا جائے۔ باوجود اس کے، میں بشیر احمد بلور صاحب کی توجہ اور جناب لیڈر آف دی اپوزیشن شہزادہ صاحب کی توجہ چاہوں گا چونکہ انہوں نے اس معاملے میں گفتگو بھی کی ہے اور ذرا اس بات کو بھی کچھ دیر کیلئے پلیز، تو یہاں پر مختلف پارٹیز سے تعلق رکھنے کے باوجود، جمہوریت کی خوبصورتی ہوا کرتی ہے کہ اپنا اپنا انداز فکر ہے، اپنی اپنی سوچ کے دائرے ہیں، اپنی اپنی فکر کے زاویئے ہیں اور اس کو مختلف حوالے سے، سب نے اپنے اپنے حوالے سے لیا ہے لیکن جب بھی اس ایوان کے اندر ایشوز پر بات ہوئی ہے، جب بھی کوئی اہم مسئلے پر بات ہوئی ہے تو پورا ایوان خواہ اقتدار ہو یا حزب

اختلاف، سب اکھٹے چلے ہیں اور سب ایک دوسرے کی آراء سے متفق ہوئے ہیں۔ یہاں اس بنیاد پر کبھی بھی کوئی بات نہیں ہوئی کہ ہمارے ساتھ ناروا سلوک کیا جارہا ہے یا ہمیں دیوار سے لگایا جارہا ہے۔ یہاں پر ابھی تک ایسی کوئی بات نہیں ہوئی اور الحمد للہ اور انشاء اللہ تعالیٰ اسی بات کو ہم روا رکھیں گے ۔ کل ہمارے Seasoned politician جناب عبدالاکبر خان صاحب نے ، 'Seasonal' نہیں کہہ رہا ہوں ، Seasoned ہے (قہقہے) کل جب انہوں نے اپنی گفتگو کا اظہار کیا، یقیناً اُن کی آراء اور جو بھی وہ ہاؤس کو مشورے دیتے ہیں، یقیناً اُن کی شخصیت اس حوالے سے ہمارے لئے انتہائی اہم ہے کہ یہ قانونی پیچ وتاب اور قانونی تمام چیزیں بھی سامنے رکھتے ہیں اور کل آئین کی سیکشن 119 کا بھی انہوں نے حوالہ دیا لیکن ہمارے لئے اور آپ سب کیلئے یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ 2001 کا جو لوکل گورنمنٹ آرڈیننس ہے، اس کے حوالے سے یقیناً اس ہاؤس کی وقعت کم ضرور ہوئی ہے، صوبائی خود مختاری کے حوالے اس پر ضرور ضرب لگی ہے اور یہ ہمیشہ سے ہوا ہے کہ جب بھی فوجی حکومت آئی ، جب بھی ڈیکٹیٹر شپ ہوئی تو اس کے بعد جو بھی جمہوری حکومت قائم ہوئی تو پھر اس گند کو صاف کرنے کیلئے تھوڑا بہت ٹائم ضرور لگا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ایک دو سال اس کو صاف کرنے میں لگ گئے ہیں اور وہ سارے پروسیجر جو بنا کر چلے جاتے ہیں پھر ان کو صاف کرنے میں کافی ٹائم لگتا ہے، یہی وہ مشکلات اور یہی وہ ساری باتیں تھیں جو ہم کو اس کا سامنا بھی کرنا پڑرہا ہے۔ اس کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ 1989 کے اندر اور دوسرے ادوار کے اندر جو فنڈز زیادہ دیئے گئے اور ابھی کم ہے، پراونشل فنانس کمیشن نے لوکل گورنمنٹ کو Total Divisible Pool کا 60% دیا ہے جو کہ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس کے حوالے سے، جیسا کہ آپ سب کو معلوم ہے، پورے ہاؤس کو معلوم ہے، ہم اس بات کے پابند بھی ہیں چونکہ اس کو چھٹے شیڈول کے اندر شامل کیا گیا ہے اور ہم اس کو ختم نہیں کر سکتے۔ Any alteration, amendment will be made subject to the previous permission of the President. پورے ہاؤس کو یہ معلوم ہے اور اس کے اندر یہ ہمارے لئے Indispensable تھا، ناگزیر تھا کہ ہم وہ اٹھاسی کروڑ روپے ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کو دیتے اور وہ اٹھاسی کروڑ ہم نے ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کو دیئے۔ یہاں پر۔۔۔۔۔ (قطع کلامی)

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> پوائنٹ آف آرڈر سر۔ لوکل گورنمنٹ نے 85%۔۔۔۔۔ (قطع کلامی)

<u>وزیر بلدیات:</u> میری بات جب ختم ہو جائے، آپ پلیز۔۔۔۔۔ (قطع کلامی)

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> پراونشل گورنمنٹ تو خود چندہ دے رہی ہے۔

وزیر بلدیات: میری بات جب ختم ہو جائے تو پھر اگر آپ نے بات کرنی ہو تو پھر آپ کے پاس کافی ٹائم ہے۔ اس حوالے سے عبدالاکبر خان صاحب نے جو پوائنٹس اٹھائے تھے کہ اتنا لمبا پروسیجر ہے کہ یہاں پر ڈی۔جی کے پاس، پھر اس کے بعد سیکرٹری کے پاس، پھر اس کے بعد ڈی۔سی۔او کے پاس اور یہ پھر سارے ان کے پوائنٹس ہم نے نوٹ کر لئے ہیں اور یقیناً یہ ایک ایسا Process ہے کہ جس کے اندر کم از کم دو مہینے سے زائد لگ جاتے ہیں۔اس پر جب Last time ہماری بات ہوئی تو چیف منسٹر صاحب کے ساتھ ہم سب بیٹھے اور اس کو مختصر کرنے کیلئے اس پر بات ہوئی اور اسی حوالے سے جناب بشیر بلور صاحب نے بھی بات کی، انور کمال صاحب نے بھی اسی انداز سے بات کی گو کہ وہاں پر کچھ تلخ و شیریں باتیں اور کچھ اشاروں و کنایوں کے اندر طنز و مزاح کی فضا بھی انہوں نے پیدا کی لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک جمہوری نظام کا حصہ ہے اور یہاں پر ہر آدمی بیٹھ کر بات کر سکتا ہے۔ تمام آراکین کی رائے اس ضمن میں آئی ہے۔ میں بات کو مختصر رکھوں گا اس حوالے سے کہ کم از کم وہ بنیادی مطالبات جو سب نے پیش کئے کہ اس سسٹم کو سہل بنایا جائے اور یہ آراکین اسمبلی کی ڈسپوزل پر کیا جائے اور یہ ان کے Discretion پر ہونا چاہیے کیونکہ یہ جو پچاس لاکھ کا فنڈ ہے، اسے وہ اپنے حلقے کے اندر اپنی مرضی کے ساتھ استعمال کر سکیں۔ ایک اور بات جو ابھی ہم نے تمام ممبران صوبائی اسمبلی کو Reminder دیا (مداخلت) پلیز، ہم نے تمام ممبران اسمبلی کو ایک Reminder دیا کہ مہربانی کر کے۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: منسٹر صاحب! اگر کوئی شکایت ہو تو چیئر کو ایڈریس کریں تو میں ان سے کہوں گا۔

(تالیاں)

وزیر بلدیات: ٹھیک ہے۔ جناب سپیکر، شکریہ۔ ہم نے تمام ممبران اسمبلی کو یہ یاد دہانی کرائی کہ چونکہ سال ابھی ختم ہونے کو ہے اور بہت کم لوگوں نے اس سال کے تعمیر سرحد کیلئے سکیمیں Submit کی ہیں اور اس کا بھی یہاں پر یہ مطلب لیا گیا کہ شاید اس وجہ سے کچھ Discrimination، کچھ خط امتیاز اور کچھ شاید اس فنڈ کو Lapse کرنے کے سلسلے میں حیلے اور بہانے ڈھونڈے جا رہے ہیں۔ ہم نے یہ خالصتاً اخلاص کی نیت سے کہ شاید آپ بہت سی دوسری چیزوں کے اندر بھول گئے ہیں کہ آپ کیلئے اس کا بھی فنڈ Available ہے، موجود ہے اور اے ڈی پی میں رکھا جا چکا ہے اور جن افراد نے ابھی تک تعمیر سرحد کے حوالے سے اپنی سکیمیں Submit نہیں کیں ہیں تو مہربانی کر کے ان کو Submit کریں تا کہ فنڈز کو ہم اس جون سے پہلے پہلے

Utilize کرلیں۔ یہ Utilization کے حوالے سے ہے اور آپ سب کو معلوم ہے کہ اس سال کا فنڈ آپ کیلئے تھا لیکن ابھی تک بہت کم ممبران نے ،اور بھی ہمارے پاس پہنچ چکے ہیں، آج میں نے Confirm کیا، آٹھ دس ممبران کے اور ہمارے پاس جو نشاندہی ہے جو ڈی ڈی سی سے Approve ہو کر ہمارے پاس آ گئی ہیں لیکن اس میں صرف اور صرف یہ تھا کہ جتنا جلدی ہو سکے ہم اس فنڈ کو Utilize کرلیں۔ چونکہ اسکے اندر ہم نے کچھ بنیادی تبدیلیاں کی ہیں جن کا ابھی میں آپ کے سامنے اعلان کروں گا۔ اس ضمن میں، میں جواباً کسی پر طنز کی بات نہیں کروں گا۔ میں کھلے دل سے خوش اسلوبی کے ساتھ، سب کی بات، اگر کہیں مجھ سے غلطی ہوئی تو اس کو بھی ہم Accept کریں گے اور یہی جمہوری روایات رہی ہیں کہ اگر کہیں کسی بھی نظام کے اندر اور کسی بھی پروسیجر کے اندر کہیں پروسیجرل غلطی ہے اور اگر کہیں Lengthy system ہے تو اس کو وہاں پر ختم کیا جائے اور اگر کہیں پر کسی سے غلطی سرزد ہو رہی ہے تو اس غلطی کو قبول کیا جائے۔ میں سب سے پہلے تمام ممبران صوبائی اسمبلی کی اس ضمن میں کہ Contingency کا 2% جو لیا جارہا ہے یہ زیادہ ہے، میں آج اناؤنس کرتا ہوں کہ پچھلے سال پر بھی اور اس سال پر بھی 0.5 % Contingency ہو گا اور باقی جو 1.5% ہے ، وہ واپس اپنی سکیموں میں لگے گا (تالیاں) دوسرا ڈی۔ ڈی۔ سی کی Approval کے متعلق میری اس ہاؤس کے سامنے آپ کے توسط سے جناب سپیکر، یہ تجویز ہے کہ اگر متعلقہ ایم پی اے دو ہفتوں کے نوٹس پر وہ سکیمیں جب ڈی۔ڈی۔ سی کے اندر لے آئے تو اس وقت اگر وہ خود اس کی صدارت کرنا چاہے تو ہم تمام ڈی۔ سی۔ اوز کو Notify کر دیں گے کہ متعلقہ ایم۔ پی۔ اے اس کی خود صدارت کر سکتے ہیں، اپنی ان سکیموں کیلئے اور اس کیلئے ہم متعلقہ ڈی۔ سی۔ اوز کو Notify کر دیں گے اور جب ڈی۔ سی۔ او کے پاس آپ اپنی سکیمیں Submit کریں گے، For feasibility and for PC-1 تو وہ اس بات کے پابند ہوں گے کہ وہ دو ہفتوں کے اندر اندر ان سکیموں کی Feasibility اور PC-1 Submit کریں اور اگر ممبران صوبائی اسمبلی اس بات کی خواہش رکھتے ہیں کہ وہ اس میٹنگ کو Chair کریں تو ہم اس کو Notify کرنے کیلئے تیار ہیں اور اگر ہاؤس کی یہ خواہش ہے جناب سپیکر، (تالیاں) جناب سپیکر! یہاں پر پہلے بھی بات ہوئی اس معاملے میں، یہاں پر کرپشن اور جو Percentage دیا جارہا ہے، یہ باتیں آئی ہیں۔ یقیناً یہ معاشرے کے اندر Assimilate ہو چکی ہیں اور یقیناً یہ ہم سب کیلئے تکلیف دہ بات ہے اور اس حوالے سے بہت سے ممبران کی طرف سے یہ تجویز آئی کہ یہاں پر پراجیکٹ کمیٹی بنادی جائے لیکن اس کے بعد پراجیکٹ کمیٹی کا پھر وہی، اس کو مشکل تر بنادیا گیا اور میں آج یہ

اعلان کرتا ہوں کہ پراجیکٹ کمیٹی ایک لاکھ سے بڑھاکر ہم پانچ لاکھ کر رہے ہیں، پانچ لاکھ تک کی پراجیکٹ کمیٹی بن سکتی ہے (تالیاں) اور اس کو Notify انشاء اللہ Within a week ہو گا۔ جناب سپیکر! آپ اس کی مانٹیرنگ بھی کر سکتے ہیں کہ ہم انشاء اللہ ایک Week کے اندر اس کو Notify کریں گے اور پراجیکٹ کمیٹی کے اراکین چونکہ یہ فنڈ آپ کا فنڈ ہے، ممبران صوبائی اسمبلی کا فنڈ ہے اور آپ کا یہ حق ہے۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ جب ہم برابرای کی بات کر رہے ہیں، جب ہم مساوات کی بات کر رہے ہیں، جب ہم سب کو ساتھ لیکر چلنے کی بات کر رہے ہیں اور آپ کی رائے کو اہمیت دینے کی بات کر رہے ہیں تو اس کا فیصلہ آپ خود کریں۔ آپ کا اپنا فنڈ ہے اور اس فنڈ کیلئے پراجیکٹ کمیٹی کے اراکین کا تقرر، جو چار اراکین کا تقرر کریں گے، وہ آپ کریں گے اور اس ضمن میں پراجیکٹ کمیٹی کا جو لیڈر رہے، اس کا بھی تقرر آپ کریں گے اور اس ضمن میں جس طرح یہاں پر تجویز آئی ہے کہ پچیس پرسنٹ فنڈز پہلے ریلیز کر دئے جائیں تو اس تجویز کو بھی میں قبول کرتا ہوں اور اس سکیم کا جو پچیس پرسنٹ فنڈ ہو گا، وہ پہلے ریلیز کیا جائے گا (تالیاں) لیکن اس کے بارے میں پہلے جو مخالفت ہو رہی تھی کہ پہلے ریلیز نہ کیا جائے، اس کی بھی اپنی وجوہات موجود تھیں تاکہ کہیں ہمارے ممبران اسمبلی پر کوئی ایسی بات نہ آئے کہ کوئی فنڈ اگر پہلے ریلیز کر دیں اور وہاں پر کچھ Embezzlement ہو جائے یا Misappropriate ہو جائے تو اس سے بچنے کیلئے صرف یہی ایک منشاء مقصود تھی لیکن آپ سب سے میری گزارش ہے کہ ہم اور آپ سب نے اس بات کا خیال رکھنا ہے کہ کہیں ہمارے ممبران صوبائی اسمبلی کے دامن پر کوئی داغ نہ لگ جائے۔ اس کو کمال احتیاط کے ساتھ اور ہر طرف سے آپ کی مانیٹرنگ ہو رہی ہے۔ میری یہ آپ سے گزارش ہے کہ ٹیم لیڈر کا انتخاب کرتے ہوئے اور ممبران کا انتخاب کرتے ہوئے کمال احتیاط سے کام لیں تاکہ کل کسی بھی ہمارے ممبر پر یہ الزام نہ لگے کہ تعمیر سرحد کا فنڈ خرد برد ہو گیا ہے یا اس ضمن میں ایسی کوئی بات ہو گئی ہے۔ یہاں پر واٹر سپلائی سکیمز کی Rehabilitation اور Repairs کے سلسلے میں دوستوں نے کہا جو بیس، پچیس سال سے سکیمیں ہیں، ان پر اگر تھوڑا سا فنڈ لگا دیا جائے تو وہ لوگوں کو پانی کی بہتر، سوشل سیکٹر کے اندر ایک Development آسکتی ہے تو اس کیلئے بھی آج میں اعلان کرتا ہوں کہ یہ واٹر سپلائی کی Rehabilitation اور Repairs کے سلسلے میں بھی اس فنڈ کو استعمال کیا جاسکے گا (تالیاں) ہیلتھ اور ایجوکیشن سیکٹر کے اندر بھی۔۔۔۔

<u>آوازیں</u>: کمیونٹی سنٹر اور پلے گراونڈ۔

وزیر بلدیات: میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس فنڈ کا استعمال کرنا آپ کا حق ہے لیکن کوئی ایسی اجازت دینا کہ یہ جرگہ ہال، یہ حجرہ، اسکی اجازت میں سمجھتا ہوں، پورے ہاؤس کو میں دیکھ رہا ہوں کہ کوئی بھی اس کی اجازت نہیں دے رہا، لہذا یہ نہیں ہو سکتا۔

آوازیں: پلے گراونڈ۔

جناب سپیکر: پلیز،پلیز۔

وزیر بلدیات: جناب سپیکر! میری آپ سے یہ گزارش ہے کہ ہم یہاں پر ایسی بات نہ کریں جس سے کل پورے لوگوں کی انگلیاں ہم پر اٹھیں کہ انہوں نے اپنے لئے حجرے تعمیر کر لئے یا انہوں نے اپنے لئے جگہیں خرید لیں۔ ہم ضرور وہ کام کرنے کی یہاں پر اجازت دیں گے، یہ فنڈز آپ کے ہیں، آپ اس کو جس طرح چاہیں استعمال کر سکتے ہیں لیکن کوئی اس طرح کا شائبہ تک بھی نہ ہو، ہم نہیں چاہتے کہ ہمارے کسی معزز رکن پر کل ذرا سی بھی انگلی اٹھے کہ انہوں نے یہ جو فنڈ استعمال کیا ہے، ایک ایسی جگہ پر استعمال کیا جو عام لوگوں کیلئے فائدہ مند نہیں ہے۔

آوازیں: پلے گراونڈ، لائبریریز۔

وزیر بلدیات: میں اس طرف آرہا ہوں۔ لائبریریز کیلئے تو یہ پہلے سے موجود ہے، پروسیجر میں آپ دیکھیں کہ لائبریری کیلئے ہم پیسے دے سکتے ہیں۔ کمیونٹی سنٹر کیلئے آپ ہر اس جگہ پر فنڈ استعمال کر سکتے ہیں جہاں پر Incurring expenditure involve نہ ہو کیونکہ جہاں پر Incurring expenditure involve ہو گا، وہ مسئلہ سب سے پہلی فنانس کے اندر جائے گا، رولز آف بزنس کے اندر موجود ہے۔ اکبر خان صاحب اس سلسلے میں، ابھی سپیکر صاحب اس سلسلے میں آپ کی رہنمائی بھی فرمائیں گے، آپ یہ فنڈز کوئی ایسی جگہ استعمال نہیں کر سکتے جہاں پر کوئی بھی Incurring expenditure involve ہو لہذا نہ تو آپ نئے سکول اس سلسلے میں تعمیر کر سکتے ہیں۔ اگر آپ ہیلتھ سیکٹر کے اندر کسی ایسی جگہ استعمال کرنا چاہیں اور بالخصوص میری ایک بہن نے بڑی اچھی تجویز پیش کی تھی ہاسٹل کیلئے، اگر وہاں پر Incurring expenditure involve نہیں ہے تو ہم اس میں ہاسٹل کی بھی تعمیر کی اجازت دیتے ہیں اور۔۔۔۔

آوازیں: پلے گراونڈ، پلے گراونڈ۔

وزیر بلدیات: پلے گراونڈ کے سلسلے میں میری آپ سے گزارش ہے کہ اگر آپ اس رقم کو، چھوٹی موٹی جو رقم ہے جناب سپیکر، یہ پچاس لاکھ کی بہت کم اور مختصر سی رقم ہے، اس کیلئے لوگوں کی، جس طرح سے آپ

سب کو معلوم ہے کہ یہ چھوٹی چھوٹی جو لوگوں کی سکیمیں ہیں، یہ اس لئے ہوتی ہیں، اگر آپ پلے گراونڈ یا ہسپتال کیلئے جگہ یا آپ سکول کیلئے جگہ خریدنے بیٹھ جائیں تو پھر اس کا مقصد فوت ہو جائے گا۔ جو بڑی سکیمیں ہیں، وہ اے ڈی پی کے اندر Reflect ہیں، وہ دوسرے معاملات میں آپ لیکر آ جائیں، پلے گراونڈ میں لیکن اس سلسلے میں آپ کی مزید اگر کوئی تجاویز ہیں تو آپ سپیکر صاحب کے پاس پہنچادیں، ہم دو تین چار ممبران اس پر بیٹھ کر بات کر لیں گے اور اس پر بالکل ہم غور کرنے کیلئے تیار ہیں۔ میں انکار نہیں کر رہا ہوں کہ پلے گراونڈ کیلئے کر سکتے لیکن اس کیلئے آپ کل پرسوں ترسوں جب بھی آئیں، سپیکر صاحب کے پاس بیٹھ کر، اگر ہم بیٹھ کر اس پر فیصلہ کر لیتے ہیں تو ہم اجازت دینے کیلئے تیار ہیں لیکن اس پر میں ابھی فی الحال کوئی بات نہیں کروں گا اس لئے کہ یہ فنڈز جو تھوڑے تھوڑے لوگوں کے جو فوری معاملات ہیں، وہ درست کرنے کیلئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کو Utilize ہونا چاہئے۔ جناب سپیکر! یہاں پر کل میری بہن محترمہ یاسمین نے بھی بات کی، معاشرتی اقدار کی بات کی، معاشرتی اٹھان کی بات کی، بیروزگاری کے بارے میں بات کی، بھوک اور افلاس کے بارے میں بات کی، میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہمارا این ایف سی کا مسئلہ حل ہو جائے، اگر Net Hydle Profit کا مسئلہ حل ہو جائے تو اس حوالے سے صوبے کے اندر امن وامان ہم بہتر طریقے سے قائم کر سکتے ہیں تو پھر یہاں پر ایک انڈسٹریل اسٹیٹ بنے گا ہم سب کے تعاون سے، اور صوبے میں امن و امان کے حوالے سے جب تک کہ اپوزیشن اور حزب اختلاف اور حزب اقتدار کے تمام لوگ مل کر تعاون نہیں کرینگے، اس وقت تک صوبے کو ہم ترقی کی راہ پر گامزن نہیں کر سکتے۔ میری آپ سب سے گزارش ہے کہ Net Hydle Profit کیلئے اور این ایف سی کیلئے، جس طرح پہلے بھی یہ پورا ہاؤس متحد تھا، متفق تھا، یکجا تھا اور پوری یک جہتی کا اظہار، پورے وفاق نے بھی سنا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہم اتحاد کے ساتھ، اسی یک جہتی کے ساتھ اس آواز کو اور بلند کریں گے، یقیناً ہمارے صوبے کے جب مالی مسائل حل ہونگے تو اس سے ہم لوگوں کیلئے روزگار کے بھی نئے مواقع پیدا ہونگے، بھوک اور افلاس کا بھی خاتمہ ہوگا اور انشاء اللہ تعالیٰ حکومت کے پاس جو فنڈز ہیں، یقیناً صوبائی حکومت کو اس بات کا اختیار ہے اور ہم کوئی ایسی Discretionary بات نہیں کر رہے کہ ہم سب اپنے حلقوں کے اندر، مجھے یاد ہے کہ جب صوبہ سرحد کے وزیر اعلیٰ صاحب نے، جناب سپیکر! میں آپ کی۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی، جی۔

وزیر بلدیات: مجھے یاد ہے کہ جب وزیر اعلیٰ صوبہ سرحد نے ایبٹ آباد کا دورہ کیا تو وہ بات جو انہوں نے یہاں اسمبلی کے اندر کہی تھی کہ ہم سب کو سینے کے ساتھ لگا کر چلیں گے تو اس دورے کا آغاز میرے بھائی جناب ممتاز رحمان عباسی کے گھر ات ان کے کھانے سے شروع کی تھی اور صبح نثار صفدر اور پھر جناب مشتاق غنی اور پھر جناب قلندر لودھی کے گھر وہ چاروں پروگرام انکے وہاں پر ہوئے اور انہی کیلئے وہی اعلانات کئے جو اعلانات انہوں نے میرے لئے کئے۔ انہوں نے اس بات پر کوئی بھی Distinction draw نہیں کی اور میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ان دوستوں نے بھی بڑے کھلے دل کے ساتھ ان کا استقبال کیا اور یہی وہ روایات ہیں، صوبہ سرحد کی یہی وہ منفرد روایات ہیں کہ یہاں پر سب کو ساتھ لے کر چلنے کی بات ہے اور الحمد للہ ہمارے درویش وزیر اعلیٰ سب کو ساتھ لیکر چل رہے ہیں اور انشاء اللہ تعالیٰ اس کو Continue بھی کرینگے۔ اگر ہمارے صوبے کے مالی حالات نے اجازت دی، اگر این ایف سی کا مسئلہ اور اگر دوسرا Net Hydle Profit کا مسئلہ اگر حل ہوا تو یقیناً یہ فنڈز پچاس لاکھ نہیں بلکہ ایک کروڑ ہوگا لیکن آپ سب کو صوبہ سرحد کے جو مالی Constraints ہیں وہ معلوم ہیں لہذا میری یہ گزارش ہے کہ ان مشکل حالات کے اندر بھی آپ ہمارا ساتھ دیں اور حلات بہتری کی طرف جائیں گے، جب آسائشوں کا وقت آئے گا، یہ آلائش کا دور جب ختم ہوگا تو اس وقت بھی انشاء اللہ تعالیٰ ہم آپ کا خیال رکھیں گے اور سب کو ساتھ لیکر چلیں گے اور یہ پچاس لاکھ اور ایک کروڑ کی بات نہیں ہے، ہم ڈیڑھ کروڑ تک کر سکتے ہیں اگر یہاں پر ہمارے حالات اور Net Hydle Profit اور اگر این ایف سی کا مسئلہ حل ہوا۔ میں انہی الفاظ کے ساتھ آپ سے اجازت بھی چاہونگا اور میری آپ سے گزارش ہے کہ آئندہ بھی اسی طرح سے اگر کہیں بھی اس کے حوالے سے کوئی بھی بات ہو تو آپ ہمیں مشورہ دے سکتے ہیں اور انشاء اللہ ہم اس پر بات کرینگے۔

جناب سپیکر: جی، عبدالاکبر خان صاحب۔

جناب عبدالاکبر خان: بہت اہم بات ہے، بہت اہم۔ جناب سپیکر! گزشتہ دو دنوں سے۔۔۔۔

جناب خلیل عباس خان: جناب سپیکر صاحب!

جناب عبدالاکبر خان: ایک منٹ جی، گزشتہ دو دنوں سے یہ ہاؤس متواتر اس تعمیر سرحد پر بحث کر رہا ہے۔ ہم اپوزیشن نے اپنے ایجنڈے میں اس کو شامل اس لئے کیا تھا کہ اس میں مشکلات ہیں اور میرے خیال میں 99% ممبران صاحبان نے اس بات کو دہرایا، ہر ایک نے اپنے Speech میں کہ جو Process ہے، یہ Process نو نو مہینے آٹھ آٹھ مہینے، منسٹر صاحب نے DDC تک تو بات کر دی، DDC کو تو دو ہفتوں میں

کر دیا لیکن پرابلم تو ہمیں DDC کے بعد کا جو Process ہے، اسمیں ہے۔ DDC کو پندرہ دن میں، اگر پہلے نہیں ہوتا تھا تو بیس دن میں ہوتا تھا لیکن جو مہینے لگتے ہیں، وہ DDC کے بعد یہاں پر لگتے ہیں۔ جناب سپیکر! ہم سمجھتے ہیں کہ جو Process ہے، اس کو Short کر لیں۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب نادر شاہ: میرے خیال میں یہ جواب دینا چاہتے ہیں تو پہلے میں بات کر لوں تو۔۔۔

وزیر بلدیات: ایک سیکنڈ، میں جواب دے دوں اس کو۔

جناب سپیکر: بس ٹھیک ہے، نادر شاہ صاحب بات کرینگے تو پھر۔۔۔۔

وزیر بلدیات: ایک سیکنڈ جناب سپیکر، میں نے۔۔۔۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں اگر نادر شاہ صاحب بھی بات کر لیں تو آپ اکٹھا جواب دینگے۔ Notes آپ لے لیں۔

جناب نادر شاہ: سر! سردار صاحب نے بہت اچھی باتیں کیں۔ میری جو سب سے زیادہ Objectionable بات ہے کہ جو پراجیکٹ کمیٹی ہے، اس میں ٹھیکیدار کا Must ہونا ہے تو اس پراجیکٹ کمیٹی سے ٹھیکیدار کا جو Answer ہے، وہ تو ہم نکالنا چاہتے ہیں لیکن اس کیلئے۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! یہ پوائنٹ ہے ٹیکنیکل کہ اگر آپ ٹھیکیدار کو پراجیکٹ کمیٹی کا لیڈر بنائیں گے تو پھر پانچ پرسنٹ انکم ٹیکس کاٹا جائے گا۔ اگر وہ آپ کا ٹھیکیدار نہیں ہوگا، Enlist نہیں ہوگا تو پھر اس میں۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، پراجیکٹ لیڈر اس میں ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: ہاں، انہوں نے کہا ہے کہ کنٹریکٹر ہوگا، Enlist ہوگا، Condition ہے۔

جناب مشتاق احمد غنی: سر! میرا ایک پوائنٹ ہے، سردار صاحب سے ایک پوائنٹ صرف۔۔۔

وزیر بلدیات: جی، آپ فرمائیں۔

جناب مشتاق احمد غنی: یہ جو Confused سی بات ہو گئی ہے کہ جو Playground یا پارک کی بات ہم لوگ کر رہے ہیں، یہ دو باتیں میں Infact ایک تو اس کی زمین کی خریداری اور دوسری بات یہ ہے کہ زمین اگر موجود ہے، Playground موجود ہے، پبلک پارک موجود ہے تو اسکی Development کیلئے دو چار

لاکھ روپے دیکر اگر ہم کریں۔ ہم اس کی اجازت چاہتے ہیں کہ ہمیں اس Playground کی چاردیواری یا Steps بنانے کیلئے یا جھولے لگانے کیلئے کسی پبلک پارک میں اسکی اجازت چاہیئے۔

جناب سپیکر: جی، خلیل عباس خان۔

جناب خلیل عباس خان: سپیکر صاحب! (شور)

جناب کاشف اعظم: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: زما په خپل خیال که دا طریقه تاسو شروع کړه، کوم چه-----

جناب کاشف اعظم: زه وایم چه په دے Simplicity of procedure باندے خبره اوشی۔ که Playground پکښ راځی، که جنت پکښ راځی او که محل راځی چه یو یو کال پرے لګی نو څه فائده ده جی؟ چه Procedure short شی نو دا به ښه خبره وی۔

جناب خلیل عباس خان: سپیکر صاحب، مشتاق غنی صاحب چه کومه خبره اوکړه، مونږه خو دکلو خلق یو هلته کښ زمکے ارزانے دی، پیښور غوندے لکهونه روپئ کنال زمکے نه دی۔ هلته زمکے ارزانے دی جی۔ ګورئ جی، مونږه نوکری چاته نه شو ورکولے، مونږه نور څه کار چاته نه شو کولے، کم ازکم دا راتلونکے کول خپل دد ے بے راه روئ نه خو منع کولے شو کنه جی۔ یو موقع ورکوؤ چه هغوی چرته څه لوبے اوکړی جی۔ د دے چرسونه نه، دد ے جوارونه، د دے هیروئن نه، دالعنت چه زمونږه په دے معاشره کښ ورځ تر ورځ زیاتیږی چه دا ختم شی----- (شور)

جناب سپیکر: جی، سردار صاحب! ګوره جی، جتنے بھی ممبران ہیں انکی تجاویز آئی ہیں۔

جناب خلیل عباس خان: سپیکر صاحب! چه زه خپله خبره مکمل کړم جی۔ یومنټ ستاسو نه غواړم، یو منټ۔

وزیر بلدیات: جناب سپیکر!

جناب خلیل عباس خان: سپیکر صاحب کی اجازت سے جی۔ سپیکر صاحب! سردار صاحب هم اووئیل چه دے ضمنی کښ تاسو یو کمیټی جوړه کړئ۔ زما تاسو ته دا ګزارش دے چه مهربانی اوکړئ دا ډیره اهمه مسئله ده، تاسو دد ے یو کمیټی جوړه کړئ، دے

ضمن کښې او دانورے اهمے مسئلے چه دی، دے تعمیر سرحد کښې راپیښو مسئلو باره کښې۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: میرے خیال میں کمیٹی کی ضرورت نہیں ہے۔ حکومت اس کو خود Tackle کرے، وہ Transparency کو Ensure کرے، ایک ممبر کا کام ہے اس کو اپنی Priority خوب معلوم ہے خواہ وہ پچاس لاکھ پر ایک پلے گراونڈ خریدنا چاہتا ہے لیکن Ensure ہو کہ بھئی یہ Justified ہے، Transparency maintain ہے تو اسمیں کیا حرج ہے۔

<u>وزیر بلدیات</u>: جناب سپیکر! یہ۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: جو دو تین جگہ یہ پراجیکٹس۔۔۔۔

<u>وزیر بلدیات</u>: جناب سپیکر! سب سے پہلے پراجیکٹس کمیٹی کے مسئلے کو Elaborate کرتا ہوں کہ پراجیکٹ کمیٹی کو Enlist کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ اس سے پہلے جو پراجیکٹ کمیٹیز تھیں، انکے لئے 20% فنڈز ایم پی ایز یا کیمونٹی خود جمع کرتی تھی تو میری آپ سے یہ گزارش ہے کہ یہاں پر پی اینڈ ڈی نے جو پروسیجر ابھی بنایا تھا، اس کے اندر Enlistment کا یا کوئی اس طرح کا انہوں نے وہ کیا تھا لیکن اس ضمن میں میری ایک میٹنگ ہوئی تھی اور میں نے تمام محکموں کو بلا کر یہ کہا کہ یہ Totally جب فنڈ ہم نے ایم پی ایز کو دیا ہے تو ایم پی ایز کو اس پر Fully اختیار ہونا چاہیے اور اگر پھر وہی ٹھیکیدار کی Enlistment کرنی ہے تو پھر ایک دفعہ پھر وہی سلسلہ شروع ہو جائے گا۔ پھر ایم اے کو بیچ میں لانے کی ضرورت کیا ہے؟ اور اس میں ٹھیکیدار کی کوئی ضرورت نہیں ہے، کسی کو Enlistment کرنے کی ضرورت نہیں ہے لیکن یہ بات Clear کر رہا ہوں اور اس کا نوٹیفیکیشن انشاءاللہ تعالیٰ Within the week ہم ایشو کر دینگے۔ ایک تو یہ بات ہو گئی ہے۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جی، Process، Process والی بات۔

<u>وزیر بلدیات</u>: دوسرا جو Process ہے، Process پر چیف منسٹر صاحب نے خود بھی اس بات کا نوٹس لیا اور میری چیف منسٹر صاحب کے ساتھ اس سلسلے میں میٹنگ ہوئی ہے اور ہم نے فنانس ڈیپارٹمنٹ کو یہ کہا ہے کہ جونہی ہمارے پاس سکیمز پہنچ جائیں، ان کو جو پرابلمز ہیں جو ایم پی ایز کی DDC کی Approval کے حوالے سے بہت زیادہ پرابلمز آ رہی تھیں تو اس کو سہل بنانے کیلئے میں نے ان سے ریکویسٹ کی کہ یہ ہو سکتا ہے اور اس کا جو اگلا Process ہے، اس Process کے اندر ہم نے فنانس کو کہا، سی ایم صاحب نے فنانس کو

کہا ہے، میں ان کا شکر گزار بھی ہوں جناب سپیکر، انہوں نے کہا ہے کہ Within a week فنانس اس کی Releases کر دیں لیکن میں احتیاطاً کہہ رہا ہوں کہ اس میں آپ ہمیں دو یا تین Weeks دیدیں چونکہ وہ فنانس، جب فنانس سے Releases ہونگی، میرے دفتر سے یا چیف منسٹر صاحب کے دفتر سے ایک دن بھی کوئی فائل لیٹ نہیں ہوئی، اگر آپ کی فائل میں نے دس تاریخ کو بھیجی ہے تو گیارہ تاریخ کو چیف منسٹر کے اس پر Signature موجود ہیں تمام فائلوں پر۔ یہاں پر لمبا چوڑا کوئی Process نہیں ہے۔ ہم کوئی لیٹ نہیں کر رہے ہیں، یہ بات ضرور ہے، ایک دو Steps ضرور ہیں لیکن ہم اس کو Within three week time اگر ہمارے پاس DDC کی Approval آ جاتی ہے تو ہم Within three week time یہاں سے اس کو Release کر دیں گے انشاء اللہ تعالیٰ۔ سب سے میں معذرت کے ساتھ عرض کرونگا کہ پچھلے سال کی چونکہ بہت سے ہمارے ایم پی ایز نئے تھے اور ایک ایک سکیم، میرے پاس یہ ریکارڈ موجود ہے، جو چار چار دفعہ انہوں نے اپنی سکیمیں دی ہیں اور چونکہ ڈی ڈی سی کے اندر اس وجہ سے Discuss کرنا ضروری ہوتی ہیں، ہو سکتا ہے شاید وہی سکیم Feasible نہ ہو جو پانی کی سکیم آپ دینا چاہتے ہیں، ہو سکتا ہے شاید وہی ڈسٹرکٹ اے ڈی پی میں آ گئی ہو، ہو سکتا ہے شاید کسی دوسرے فنڈ سے اس کی Allocation already ہو چکی ہو۔ ہو سکتا ہے شاید وہ اے ڈی پی کے اندر Reflect ہو گئی تو ساری چیزوں کی وہاں پر جانچ پڑتال ضروری ہوا کرتی ہے۔ اس حوالے سے میں یہ چاہ رہا ہوں کہ اگر ڈی ڈی سی سے آپ کی یہ ساری Approvals ہمارے پاس آ جائیں تو ہم آپ کو، Within three weeks یہ پیسے ڈی سی او کے اکاؤنٹ میں ہونگے۔ میں ایک بات کی اور بھی وضاحت کرتا چلوں کہ اس سے پہلے جو آپ Changes کرتے تھے، جو اس میں تبدیلی لاتے تھے، بہت سے دوستوں نے اس میں Mind change کیا ہے اور آج ڈی ڈی سی سے Approval ہو گئی اور پھر آپ اس میں تبدیلی کرتے ہیں تو پھر دوبارہ ہمیں ایک نیا Process کرنا پڑا اور بعض اراکین اسمبلی کے ہم نے پانچ پانچ دفعہ وہ سارا Process کیا اور اس پر وہ Hard working ہوئی لیکن اس کیلئے بھی میں یہ اعلان کرتا ہوں کہ وہ ڈی سی او کے پاس جاکر اپنی سکیم، لیکن میری اس سے گزارش یہ ہے کہ ایک دفعہ سے زیادہ آپ سکیم کے اندر تبدیلی نہیں کر سکیں گے کیونکہ بار بار آپ تبدیلی کریں گے، اس میں پھر Complications ہونگی۔ اگر آپ ایک دفعہ تبدیلی کرنا چاہیں تو وہ ڈی سی او کے پاس جاکر تبدیلی کر لیں، اس کو دوبارہ پراسس کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور وہ ہمیں Notify کر دیں گے، ڈی سی او کہ ہم نے اس سکیم کے اندر تبدیلی کر لی ہے لیکن اس کو بار بار، پلیز میری آپ سے گزارش ہے کہ اس کے اندر زیادہ

Complications ہونگے اگر بار بار آپ تبدیلی کریں گے۔ اس حوالے سے میں آپ سے پھر کہتا ہوں کہ کسی کو اگر کوئی مشکلات درپیش ہیں تو آپ مجھ سے Contact کریں اگر مجھ سے کوئی Contact نہیں کر سکتا تو آپ سپیکر صاحب سے Contact کریں، سپیکر صاحب مجھے Communicate کر دیں گے۔ آپ کی مشکل کو انشاء اللہ تعالیٰ ہم حل کریں گے۔ چونکہ یہ آخری سیشن نہیں ہے اس کے بعد پھر ہم نے بیٹھنا ہے، اگر آپ کے مسئلے حل نہیں ہوتے تو پھر اٹھ کر بات کر سکتے ہیں لیکن آپ کے مسائل حل کرنے کے سلسلے میں جناب سپیکر، ہماری نیت بالکل صاف ہے اور۔۔۔

جناب سپیکر: تھوڑا سا پلے گراونڈ کی Improvement کے لئے اور پلے گراونڈ کی زمین خریدنے کے لئے اگر آپ۔۔۔

وزیر بلدیات: پلے گراونڈز کیلئے، دیکھیں جی، پلے گراونڈ کی Improvement کیلئے۔۔۔

جناب سپیکر: آرڈر پلیز۔

جناب پیر محمد خان: پی اینڈ ڈی کی بات کریں کہ پی اینڈ ڈی کا کیا رول ہے؟ یا اس کو ختم کریں۔ سب سے بڑی مشکلات تو پی اینڈ ڈی والے بنا رہے ہیں۔ (شور)

وزیر بلدیات: جناب سپیکر! بہت سی مشکلات، بہت سے محکمے آپس میں Inter link ہیں، پی اینڈ ڈی کا رول، فنانس کا رول، اے جی آفس کا رول اور سٹیٹ بینک کا رول یہ اپنی اپنی جگہ لیکن اس سارے Process کو چیف منسٹر صاحب کی ہدایات کی روشنی میں، انہوں نے سختی سے ہدایات دی ہیں، اے جی آفس کو بھی، انہوں نے پی اینڈ ڈی کو ہدایات ابھی حال ہی میں دی ہیں، انہوں نے فنانس کو بھی دی ہیں کہ کم از کم باقی کوئی بھی پراجیکٹ ہو، کوئی بھی ڈائریکشن ہو لیکن میں تعمیر سرحد کے حوالے سے کسی بھی تساہل اور کسی بھی کاہلی کو برداشت نہیں کرونگا اور ان کے خلاف سخت قسم کے ایکشن لئے جائیں گے (تالیاں) اور جہاں تک پلے گراونڈ کی Repair کا اور اس کے Betterment کا اور پارک کا تعلق ہے تو اس سلسلے میں بھی ہم آپ کو اجازت دیتے ہیں کہ اس سلسلے میں بھی آپ کر سکتے ہیں اور۔۔۔۔

جناب خلیل عباس خان: خبره دا ده جی چه زمکه وی نو هغے باندے به، زمونږه هیڅ ضرورت نشته، مونږه نه پویلیئن جوړوو، نه ټیرس جوړوو او نه پرے بلډنګ جوړوو۔ هیڅ هم پرے نه جوړوو جی، خو چه زمکے نه وی نو مونږه به څه کوؤ؟

وزیر بلدیات: اگر زمین کی خریداری کے سلسلے میں آپ بہت زیادہ مصر ہیں، آپ جناب سپیکر صاحب کے پاس آئیں، ہم بیٹھ کر اس کو Discuss کر لیتے ہیں Detail میں۔ اس کی تمام Complications کا ہم جائزہ لے لیتے ہیں، اگر آپ سمجھتے ہیں کہ یہ ناگزیر ہیں تو پھر اس پر بات کر کے ہم اس مسئلے کو Settle کر لیں گے۔

جناب سپیکر: شکریہ، تھینک یو۔

جناب حامد علی شاہ: جناب سپیکر! جناب سپیکر!

Mr. Speaker: The sitting is adjourned till 10.00AM, tomorrow morning.

(اسمبلی کا اجلاس بروز بدھ مورخہ 17 مارچ 2004 صبح دس بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)